AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE

جھوٹ کیخلاف A.B.C CERTIFIED سچ کی طاقت

DAILY MASAFAT LAHORE

روزنامہ مسافت لاہور

بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)

ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید

چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء

ایڈیٹر حیدر علی بھٹی

قیمت 10 روپے

جلد نمبر 24 بدھ 19 رجب المرجب 1445ھ 31 جنوری 2024ء 18 ماگھ 2079ب شمارہ نمبر 234

سائفر کیس: بانی PTI اور شاہ محمود کو 10، 10 سال قید کی سزا

ہمارے وکلاء موجود نہیں ہم کیسے بیان ریکارڈ کرائیں گے، بانی پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی کا بیان، آپ کو سٹیٹ ڈیفنس کونسل فراہم کی گئی، جج ابوالحسنات ذوالقرنین، عدالت نے 342 کا بیان ریکارڈ کرنے، مختصر سماعت کے بعد فیصلہ سنایا

سائفر کی حفاظت کی ذمہ داری مجھ پر عائد نہیں ہوتی، میرے اے ڈی سی میں سے ایک نے باجوہ کے ایما پر چوری کیا، اصل میرے پاس تھا ہی نہیں جو لہرایا تھا وہ پیرا فریز ڈ کاپی تھی، حسین حقانی کو لابنگ کیلئے ہائر کیا گیا، بانی پی ٹی آئی

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) سائفر کیس میں بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) اور شاہ محمود قریشی کو 10، 10 سال قید بامشقت کی سزا سنا دی گئی۔ راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں قائم خصوصی عدالت نے سائفر کیس میں بانی پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی کو سزا سنائی۔ آفیشل سیکرٹ ایکٹ (بقیہ نمبر 57)

سائفر کیس میں سرکاری وکلا کا تقرر اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج

اسلام آباد (آئی این پی) بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی جانب سے سائفر کیس میں سرکاری وکلا صفائی کی تقرری (بقیہ نمبر 58)

ہارون آباد، سابق وزیراعظم نواز شریف جلسہ عام سے خطاب کررہے ہیں

9 مئی مقدمات، عمران خان کو ویڈیو لنک کے ذریعے پیش کرنے کی ہدایت

بانی پی ٹی آئی کی سات مقدمات میں عبوری ضمانت پر سماعت 2 فروری تک ملتوی

لاہور (آئی این پی) لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے 9 مئی مقدمات میں بانی پی ٹی آئی کو آئندہ سماعت پر ویڈیو لنک کے ذریعے پیش کرنے کی ہدایت کردی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ارشد جاوید نے بانی پی ٹی آئی کی عبوری ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کی، بانی پی ٹی (بقیہ نمبر 59)

ہمارے ساتھ ظلم ہوا انتقام نہیں چاہتا لیکن حساب تو بنتا ہے، نواز شریف

مجھے جیل ڈالنے والے ججز آج مستعفی ہو کر گھر جارہے ہیں، جانتے ہیں کرتوت برے ہیں، والدہ کے جنازے کو کندھا نہیں دے سکا، اہلیہ فوت ہوئیں تو جیل میں اطلاع ملی، والدہ کو قبر میں نہیں اتار سکا، جلسے سے خطاب

نواز شریف نے قومی سلامتی سے نہیں کھیلا تھا، وزارت عظمیٰ سے ہٹانے کے باوجود ملکی سلامتی پر آنچ نہیں آنے دی، جب روٹی، آٹا، چینی مہنگی، بجلی بل آتا ہے تو لوگوں کو نواز شریف یاد آتا ہے، مریم نواز

ہارون آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد اور سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا ہے کہ ہم نے آئی ایم ایف کو خدا حافظ کہا عمران خان پھر کشکول لے کر پہنچ گیا، ظلم سہنے کے باوجود میں نے کوئی قومی راز فاش نہیں کیا، جیسے ہی عمران خان کو اقتدار جاتا نظر آیا تو اس نے پاکستان پر حملہ کردیا، جن ججز نے مجھے جیل ڈالا اور آج وہ مستعفی ہو کر گھر جارہے ہیں، انہیں پتہ ہے ان کے کرتوت برے ہیں جبکہ مریم نواز نے کہا ہے کہ وزیراعظم کے سینے میں سینکڑوں قومی راز دفن ہوتے ہیں، نواز شریف نے قومی سلامتی سے نہیں کھیلا تھا، وزارت عظمیٰ سے ہٹانے کے باوجود ملکی سلامتی پر آنچ نہیں آنے دی، یہ فرق ہے نواز شریف اور ان کے مخالفین میں۔ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا کہ ہارون آباد میں کتنے سالوں کے بعد آیا ہوں، (بقیہ نمبر 30)

عام انتخابات، لاہور کے 90 فیصد پولنگ سٹیشنز حساس قرار

لاہور سے 44 حلقوں کیلئے مجموعی طور پر 4 ہزار 403 پولنگ سٹیشنز قائم کئے جائیں گے

لاہور (آئی این پی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے لاہور کے 90 فیصد پولنگ سٹیشنز کو حساس قرار دے دیا۔ ذرائع کے مطابق لاہور سے 44 حلقوں کیلئے مجموعی طور پر 4 ہزار 403 پولنگ سٹیشنز قائم کئے جائیں گے، الیکشن کمیشن نے شہر میں 3 ہزار 540 پولنگ سٹیشنز کو حساس جبکہ 813 پولنگ سٹیشنز کو انتہائی حساس قرار دے دیا۔ لاہور میں صرف 50 پولنگ سٹیشنز نارمل قرار دیئے (بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد، نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

روایتی سیاستدانوں میں مسائل کا سامنا کرنے کی اہلیت نہیں، بلاول

میرے والد کو سب سے زیادہ عرصہ جیل میں میاں صاحب نے ہی ڈالا، ان کے دور میں ہی والد کی زبان کاٹی گئی، چیئرمین پیپلز پارٹی

سیاستدانوں نے الیکشن کو سنجیدگی سے نہیں لیا، سیاسی ماحول پہلے جیسا نہیں، بانی پی ٹی آئی امپائر کی انگلی کے علاوہ سیاست نہیں کرسکتے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ن لیگ کے ساتھ مل کر چلنا اب ناممکن ہوگیا ہے، میرے والد کو سب سے زیادہ عرصہ جیل میں میاں صاحب نے ہی ڈالا، ان کے دور میں ہی والد کی زبان کاٹی گئی، سیاستدانوں نے اس الیکشن کو (بقیہ نمبر 32)

توشہ خانہ کیس، بانی پی ٹی آئی نے حق دفاع ختم کرنے کا فیصلہ چیلنج کردیا

اسلام آباد (آئی این پی) بانی پی ٹی آئی نے توشہ خانہ کیس میں حق دفاع ختم کرنے کا احتساب عدالت کا فیصلہ اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج (بقیہ نمبر 34)

فیصلے پر کارکن مشتعل نہ ہوں، قانون ہاتھ میں نہ لیں، بیرسٹر گوہر

ہمیں سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ پر اعتماد، ہماری توجہ الیکشن سے ہٹانے کی کوشش کی جارہی ہے

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی رہنما بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ سائفر کیس کے فیصلے پر کارکنان مشتعل نہ ہوں، کوئی قانون ہاتھ میں نہ لے۔ یہ بات رہنما پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں صحافیوں سے گفتگو کے موقع پر کہی۔ ان کا کہنا ہے کہ آئین اور قانونی طریقہ (بقیہ نمبر 33)

نگران وزیراعلیٰ کی ہدایت پر 5 بڑے شہروں کے کیمرے سیف سٹی سے منسلک

محسن نقوی کا سیف سٹیز اتھارٹی ہیڈکوارٹر قربان لائنز کا دورہ، سیف سٹیز کی ویڈیو وال سے راولپنڈی، فیصل آباد، گوجرانوالہ میں کیمروں کی مانیٹرنگ نظام کا جائزہ لیا

جدید سسٹم سے تمام پولیس افسران واہلکاروں کی لائیو لوکیشن دیکھی جاسکتی، پنجاب بھر میں موجود پولیس افسران ایپ کے ذریعے ویڈیو سرویلنس اور کانفرنس کرسکیں گے

لاہور (این این آئی) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی ہدایت پر صوبے کے پانچ بڑے شہروں کے کیمرے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی سے منسلک کر دیئے گئے۔ جدید ٹیکنالوجی میں پنجاب ایک قدم اور آگے، 5 بڑے شہروں گوجرانوالہ، فیصل آباد، راولپنڈی، قصور اور ننکانہ صاحب کی مانیٹرنگ اب لاہور سے بھی ہوسکے گی۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے سیف سٹیز اتھارٹی ہیڈکوارٹر قربان لائنز کا دورہ کیا اور سیف سٹیز کی ویڈیو وال سے راولپنڈی، فیصل آباد اور گوجرانوالہ میں لگائے گئے کیمروں کی مانیٹرنگ کے نظام کا جائزہ لیا، محسن نقوی نے تجرباتی طور پر تینوں اضلاع کے 200 سے زائد کیمروں کی لائیو مانیٹرنگ کا مشاہدہ کیا۔ انہوں نے سیف سٹیز وال پر چلڈرن ہسپتال لاہور کے کیمروں، قصور اور ننکانہ صاحب میں نصب کیمروں کے ذریعے مانیٹرنگ کے جدید نظام کا معائنہ کیا، وزیراعلیٰ نے سیف سٹی (بقیہ نمبر 56)

مچھ جیل پر بی ایل اے کا حملہ ناکام، 5 دہشتگرد ہلاک، پولیس اہلکار سمیت 2 جاں بحق

پہاڑوں سے کالعدم تنظیم کے شدت پسندوں نے 15 راکٹ فائر کیے جس کے بعد شدید فائرنگ کی آوازیں بھی سنی گئیں، بولان کے کم از کم تین مقامات پر حملہ کیا گیا

سکیورٹی ادارے امن کی بحالی کیلئے مصروف ہیں، وزیراعلیٰ، حملے کو ناکام بنانے کیلئے فوری اقدام کو سراہتے، وزیر اطلاعات، کوئٹہ سے پشاور جانیوالی جعفر ایکسپریس منسوخ

بولان (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان کے علاقے مچھ میں جیل سمیت تین مقامات پر کالعدم تنظیم بی ایل اے نے حملہ کردیا، جوابی میں کارروائی میں پانچ دہشت گرد مارے گئے، دہشت گردوں کی فائرنگ سے پولیس اہلکار سمیت دو افراد جاں بحق اور 13 زخمی ہوگئے بولان کے علاقے مچھ میں پہاڑوں سے کالعدم تنظیم کے شدت پسندوں نے 15 راکٹ فائر کیے، جس کے بعد شدید فائرنگ کی آوازیں بھی سنی گئیں۔ بولان کے کم از کم تین مقامات پر حملہ کیا گیا جس میں مچھ جیل، ریلوے اسٹیشن اور لیویز تھانہ شامل ہیں۔ پولیس حکام نے بتایا تھا کہ دھماکوں اور فائرنگ سے شہری خوف کا شکار ہوگئے جبکہ علاقے کی بجلی بھی اچانک بند ہوگئی تھی۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق حملہ مچھ جیل پر کیا گیا جس کا مقصد جیل سے ساتھیوں کو چھڑانا تھا تاہم دہشت گردوں کا کامیابی نہ مل سکی، مچھ بلوچستان میں بی ایل اے کے دہشت گردوں کے (بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد، وزیر داخلہ گوہر اعجاز سے وزیراعلیٰ گلگت بلتستان ملاقات کررہے ہیں

خیبر پختونخوا، الیکشن کے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر بھاری جرمانے

پشاور (آئی این پی) خیبر پختونخوا میں الیکشن کے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی (بقیہ نمبر 36)

بلوچستان، 3 ہزار قیدیوں میں سے صرف 166 نے پوسٹل بیلٹ کیلئے درخواستیں دیدیں

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کی 12 جیلوں اور 17 جوڈیشل لاک اپ میں (بقیہ نمبر 37)

ڈی جی ایف آئی اے احمد اسحاق نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

سوشل میڈیا پر جعلی، قابل اعتراض اور نفرت آمیز مواد شیئر کرنیوالوں کیخلاف سخت ایکشن لیا جائیگا

اسلام آباد (آئی این پی) ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے احمد اسحاق جہانگیر نے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ احمد اسحاق جہانگیر نے ایف آئی اے ہیڈ کوارٹر اسلام آباد آمد پر یادگار شہدا پر پھول چڑھائے اور افسران سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈی جی ایف آئی اے احمد اسحاق جہانگیر کا (بقیہ نمبر 55)

گرفتار صنم جاوید این اے 119 سے آزاد امیدوار کے حق میں دستبردار

پی ٹی آئی کے آزاد امیدوار میاں شہزاد فاروق کا دستبردار ہونے پر صنم جاوید کا شکریہ

لاہور (آئی این پی) زمان پارک میں پولیس پر تشدد کے کیس میں ضمانت کے بعد گزشتہ روز ایک اور کیس میں گرفتار ہونے والی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی رہنما صنم جاوید (بقیہ نمبر 54)

کراچی، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

مہنگائی تلے دبی عوام کو بجلی کا ایک اور جھٹکا دینے کی تیاریاں

صارفین پر 81 ارب 50 کروڑ کا مزید بوجھ ڈالنے کی تیاریاں شروع، اکتوبر تا دسمبر 2023 کی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی درخواست نیپرا میں جمع

کپیسٹی چارجز کی مد میں 75 ارب 14 کروڑ روپے وصولی کی درخواست، سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کا اطلاق کے الیکٹرک صارفین پر بھی ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے بجلی صارفین پر 81 ارب 50 کروڑ روپے کا مزید بوجھ ڈالنے کی تیاریاں شروع کردیں۔ اکتوبر تا دسمبر 2023 کی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی درخواست نیپرا میں جمع کروادی گئی ہے، تقسیم کار کمپنیوں نے بجلی کی قیمتوں میں اضافے کی درخواست دائر کی ہے۔ حکومتی گائیڈ لائنز کے مطابق سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کا اطلاق کے الیکٹرک صارفین پر بھی ہوگا، کپیسٹی چارجز کی مد میں 75 ارب 14 کروڑ روپے (بقیہ نمبر 38)

پاکستان چھوڑنیوالے افغان باشندوں کی تعداد 4 لاکھ 78 ہزار سے متجاوز

مزید 2697 غیر قانونی افغان باشندے اپنے ملک چلے گئے، 914 مرد، 765 خواتین، 1018 بچے شامل

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان کے مختلف شہروں میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کی وطن واپسی کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق 29 جنوری کو مزید 2 ہزار 697 غیر قانونی افغان باشندے اپنے ملک چلے گئے، واپس جانے والوں میں 914 مرد، 765 خواتین اور 1018 بچے شامل ہیں۔ افغانستان روانگی کے لئے 110 گاڑیوں میں 132 خاندانوں کی اپنے وطن واپسی عمل میں لائی گئی ہے

اٹارنی جنرل کی صحافیوں کیخلاف نوٹسز پر کارروائی مؤخر کرنے کی یقین دہانی

صحافیوں کو ہراساں کرنے کا کیس، چیف جسٹس کا صحافیوں کی جانب سے متفرق درخواست دائر نہ ہونے پر اظہار تشویش

اب سپریم کورٹ میں تین رکنی کمیٹی ہے وہ طے کرتی ہے کہ درخواست آنے کے بعد طے کرے گی، چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ

اسلام آباد (آئی این پی) چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے صحافیوں کو ہراساں کرنے اور ایف آئی اے کی جانب سے نوٹسز بھجوانے کے کیس میں صحافیوں کی جانب سے متفرق درخواست دائر نہ ہونے پر جسٹس نے اظہار تشویش کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ جب تک تحریری طور پر ہمارے سامنے کچھ نہیں آئے گا ہم آرڈر کیسے جاری کریں، اب سپریم کورٹ میں تین رکنی کمیٹی ہے وہ طے کرتی ہے کہ درخواست آنے کے بعد طے کرے گی۔ چیف (بقیہ نمبر 52)

عمران خان نے سیاسی مفادات کی خاطر ملک کو داؤ پر لگا دیا، عطا تارڑ

بانی پی ٹی آئی نے جلسے میں خود سائفر لہرایا، کسی نے نہیں کہا تھا کہ ان کی حکومت ختم کرنے جارہے ہیں

لاہور (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما عطا تارڑ نے کہا ہے کہ آج ہر محب وطن پاکستانی کی جیت ہوئی، عمران خان نے سیاسی مفادات کی خاطر ملک کو داؤ پر لگا (بقیہ نمبر 39)

ریاست پر حملہ کرنے والوں کے ساتھ یہی سلوک ہونا چاہیے، رانا ثنا

لاہور (آئی این پی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما رانا ثنا نے کہا ہے کہ سائفر جیسے (بقیہ نمبر 40)

احسن اقبال نے سائفر کیس میں عمران خان کی سزا کم قرار دیدی

نارووال (آئی این پی) مسلم لیگ نواز کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر احسن اقبال نے (بقیہ نمبر 41)

ایف آئی اے کا مونس الٰہی کے ریڈ وارنٹ کیلئے انٹرپول سے رابطہ

لاہور (آئی این پی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے (بقیہ نمبر 42)

اسلام آباد، امریکی سفیر اور سیکرٹری ثقافت حمیرا احمد معاہدے پر دستخط کررہے ہیں

نارووال، اینٹی پرسنل مائن جسے بم ڈسپوزل سکواڈ نے ناکارہ بنادیا

نواز شریف اقتدار میں آکر بیروزگاری کا طوفان لاتے ہیں، پلوشہ خان

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینٹر پلوشہ خان نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 51)

ٹوبہ، وہاڑی کے امیدواروں کی کاغذات مسترد ہونے پر درخواستیں خارج

درخواست گزاروں نے ٹریبونل، ہائیکورٹ میں کاغذات مسترد ہونے پر سپریم کورٹ سے رجوع کیا تھا

اسلام آباد (آئی این پی) سپریم کورٹ نے امیدواروں کی درخواستیں خارج کردیں۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے کاغذات نامزدگی مسترد ہونے کے خلاف حلقہ این اے 105 ٹوبہ ٹیک سنگھ اور پی پی 234 وہاڑی کے کاغذات نامزدگی کے خلاف (بقیہ نمبر 60)

خواتین کو ووٹ ڈالنے سے روکا گیا تو الیکشن کالعدم ہوسکتا ہے، الیکشن کمیشن

ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ افسر کوہستان نے رپورٹ میں واضح کیا کہ خبر درست نہیں اور یہ غلط فہمی کا نتیجہ ہے

کوہستان (این این آئی) کوہستان میں خواتین کی انتخابی مہم چلانے پر پابندی کیخلاف پر الیکشن کمیشن نے خبردار کردیا۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ دوران انتخابات کسی (بقیہ نمبر 47)

بانی پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی کی سزا پر افسوس ہے، لیاقت بلوچ

لاہور (آئی این پی) جماعت اسلامی کے رہنما لیاقت بلوچ نے بانی پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی کی سزا پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بانی (بقیہ نمبر 50)

CAPITAL CITY POLICE
LAHORE

لاہور، سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سوڈان، پاکستانی امن دستے کے قافلے پر حملہ، سپاہی محمد طارق شہید

ابتک 181 پاکستانیوں نے دنیا بھر میں امن کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، آئی ایس پی آر

خرطوم (این این آئی) سوڈان کے علاقے ابئی میں پاکستانی امن دستے کے قافلے پر (بقیہ نمبر 46)

نوابشاہ ایئرپورٹ پر طیاروں کی ری فیولنگ کی سہولت ایک ماہ کے لیے معطل

کراچی (آئی این پی) نوابشاہ ایئرپورٹ پر طیاروں کی ری فیولنگ کی سہولت ایک ماہ کے لیے معطل کردی گئی۔ سول ایوی ایشن اتھارٹی (سی اے اے) نے ایئر لائنز کے لیے نوٹم جاری (بقیہ نمبر 49)

اسرائیلی فوج کی خونریز کارروائیاں جاری، مزید 215 فلسطینی شہید

اسرائیلی فوج نے شمالی غزہ میں اقوام متحدہ کی امدادی ایجنسی کے پناہ گزین سکول کا محاصرہ کرلیا، بمباری میں نورشمس کیمپ میں بجلی اور پانی کی لائنوں کو تباہ

الامل اور ناصر ہسپتالوں کا محاصرہ نویں روز بھی جاری، اسرائیلی فوج کا شام کے دارالحکومت دمشق میں ایرانی حمایت یافتہ گروپوں کے ٹھکانوں پر بھی حملہ

غزہ (آئی این پی) غزہ میں اسرائیلی فوج کے وحشیانہ حملے جاری ہیں، اسرائیلی بمباری سے 24 گھنٹوں میں مزید 215 فلسطینی شہید ہوگئے۔ مغربی کنارے میں اسرائیلی فائرنگ، آنسو گیس کی شیلنگ کی وجہ سے مزید 5 فلسطینی شہید ہوگئے، غیرملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فوج نے شمالی غزہ میں اقوام متحدہ امدادی ایجنسی کے پناہ گزین اسکول کا محاصرہ کرلیا، گولہ باری اور فائرنگ سے 10 فلسطینی شہید ہوگئے، فلسطینی وزارت صحت (بقیہ نمبر 62)

بھارتی بحریہ کا 19 پاکستانیوں کو قذاقوں سے چھڑانے کا دعویٰ

نئی دہلی (آئی این پی) بھارتی بحریہ کی جانب سے دعویٰ سامنے آیا ہے کہ ان کے جنگی بحری جہاز آئی این ایس سمترا نے بحری (بقیہ نمبر 45)

اسلام آباد، ورکرز کرین کے ذریعے ایک شاہراہ پر پارٹی پرچم لگارہے ہیں

عدالت نے آزاد امیدواروں کے پوسٹرز و فلیکسز اتارنے کیخلاف درخواست نمٹادی

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائیکورٹ نے عام انتخابات میں آزاد امیدواروں کے پوسٹرز اور فلیکسز اتارنے کیخلاف درخواست نمٹادی۔ لاہور ہائیکورٹ میں عام انتخابات سے قبل آزاد امید (بقیہ نمبر 48)

خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کمیٹی کا اجلاس 2 فروری کو طلب

ایس آئی ایف سی کمیٹی اجلاس میں آرمی چیف سمیت نگران وزرائے اعلیٰ شریک ہوں گے

اسلام آباد (آئی این پی) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کمیٹی کا اجلاس 2 فروری کو طلب کرلیا۔ ایس آئی ایف سی کمیٹی اجلاس میں آرمی چیف سمیت نگران وزرائے اعلیٰ شریک ہوں گے۔ اجلاس میں شرکت کے (بقیہ نمبر 61)

مصطفیٰ کمال کا بیان شہر کا امن خراب کرنے کی سازش ہے، میئر کراچی

شہر میں لاقانونیت اور امن تباہ کرنے کے حوالے سے آپ کا ماضی داغدار ہے، مرتضیٰ وہاب

کراچی (آئی این پی) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم میں پذیرائی نہ ملنے پر مصطفیٰ کمال بیخ پا ہیں، ان کا بیان شہر میں امن وامان کی صورتحال کو خراب کرنے کی سازش (بقیہ نمبر 44)

عدلیہ کا کام انصاف دینا ہے، ہمارے ساتھ فراڈ کیا گیا، علیمہ خان

ہم ہائیکورٹ آئے ہیں تاکہ جج ذوالقرنین کو ہٹایا جائے، سابق چیئرمین پی ٹی آئی کی ہمشیرہ

اسلام آباد (آئی این پی) سابق چیئرمین پی ٹی آئی کی ہمشیرہ علیمہ خان نے کہا ہے کہ ہم ہائیکورٹ آئے ہیں تاکہ جج ذوالقرنین کو ہٹایا جائے۔ علیمہ خان نے کہا کہ انہوں نے (بقیہ نمبر 43)

لاہور، صوبائی وزیر ابراہیم حسن مراد، مائنز ورکرز کی فلاح وبہبود کے حوالے سے اخوت فاؤنڈیشن کے نمائندگان سے ملاقات کررہے ہیں

اسلام آباد، وزیراعظم کے معاون خصوصی طاہر محمود اشرفی پریس کانفرنس کررہے ہیں

روزنامہ
DAILY MASAFAT LAHORE
مسافت
لاہور
بانی
اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر
چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر
مسز راحت آراء
ایڈیٹر
حیدر علی بھٹی

پاکستان اور ایران وزرائے خارجہ ملاقات

پاکستان اور ایران کے وزرائے خارجہ نے ملاقات، مشترکہ چیلنجوں سے نمٹنے کیلیے اجتماعی نقطہ نظر کی بنیاد پر کام کرنے پر اتفاق کیا ہے جبکہ نگران وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی نے کہا ہے کہ ایران اور پاکستان دوست ہمسایہ ملک ہیں، ایران سے دیرینہ ثقافتی، مذہبی اور برادرانہ تعلقات ہیں، مضبوط تعلقات دونوں ممالک کی ترقی کے لیے اہم ہیں۔ پیر کو نگران وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی اور ایرانی وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان کے درمیان پیر کو یہاں وزارت خارجہ میں ملاقات ہوئی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں وزرائے خارجہ نے پاکستان اور ایران کے درمیان دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے دوطرفہ تعلقات کو مثبت انداز میں آگے بڑھانے کے لئے مضبوط مکالمے اور تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔ اس موقع پر دونوں فریقوں نے امن اور خوشحالی کے مطلوبہ مقاصد کے حصول کیلئے باہمی احترام کی بنیاد پر اور مشترکہ چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے اجتماعی نقطہ نظر کی بنیاد پر کام کرنے پر اتفاق کیا۔ بعدازاں ایرانی وزیر خارجہ امیر عبداللہیان کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے نگران وزیر خارجہ نے کہا کہ ایرانی ہم منصب اور ان کے ہمراہ وفد کو پاکستان میں خوش آمدید کہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران پاکستان کا دوست ہمسایہ ملک ہے، ایران سے دیرینہ ثقافتی، مذہبی اور برادرانہ تعلقات ہیں، ایرانی وفد سے تفصیلی باہمی مفاد کے مختلف امور پر بات چیت ہوئی ہے۔ نگراں وزیر خارجہ نے کہا کہ ایران اور پاکستان کے مضبوط تعلقات دونوں ملکوں کی ترقی کے لیے اہم ہیں، پاکستان ایران سے تعلقات اور مختلف شعبوں میں وسعت دینے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف مشترکہ کارروائیوں کی ضرورت ہے، دہشت گردوں کے خلاف ایک مضبوط لائحہ عمل ضروری ہے۔ نگراں وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی نے کہا کہ دہشت گردی کا مسئلہ دونوں ممالک کا مشترکہ چیلنج ہے

ڈپٹی کمشنر جھنگ کے حکم پر جبری تین لاکھ روپیہ جبری رشوت وصول کرنے پر

حلقہ پٹواری گرداور اور نائب تحصیلدار جھنگ کے خلاف اینٹی کرپشن میں مقدمہ درج

جھنگ)اجمل حسین بیورو چیف (ڈپٹی کمشنر جھنگ عبدوللہ خرم نیازی کے حکم پر پٹواری قانگو اور نائب تحصیل دار کے خلاف تھانہ اینٹی کرپشن میں مقدمہ درج تفصیلات کے مطابق حلقہ پٹواری سرکل یکے والا ملک قاسم اقبال نے اللہ بخش سپرا نامی بندے سے تقسیم ونڈاجات کے فیصلہ میں اس کی امداد کے عوض اپنے حصہ سمیت دیگر دو ملزمان محمد نواز قانگو اور نائب تحصیل دار محمد افضل سلیانہ کے نام پر مبلغ تین لاکھ روپیہ جبری رشوت وصول کی جس کی بعد میں اس شخص نے ڈپٹی کمشنر جھنگ کو کھلی کچہری میں شکائت کر دی اور بعد ازاں دوران سرسری انکوائری الزام درست پایا گیا جس پر فوری طور کاروائی کا حکم دیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جھنگ عبدوللہ خرم نیازی نے ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن جھنگ کو ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے تینوں سرکاری ملازمین کے خلاف مقدمہ درج کرنے اور ان کو فوری گرفتار کا حکم دے دیا جس کے بعد محمد عارف سپرا نائب تحصیلدار) قانگو ڈی. سی آفس (نے پٹواری حلقہ قانگو اور ریونیو افیسر کے خلاف مقدمہ درج کرنے کے لیے استغاثہ بنا کر تھانہ اینٹی کرپشن جھنگ بھیج دیا گیا جہاں پر ان کے خلاف مدعی مقدمہ اللہ بخش سپرا کی مدعیت میں مقدمہ نمبر 24 /1 بجرم 161/P.P.C درج کر لیا گیا اندارج مقدمہ کے بعد سرکل افسر اینٹی کرپشن جھنگ نے پٹواری ملک قاسم اقبال کو گرفتار کر لیا ہے جبکہ دیگر دو ملزمان کی تلاش جاری ہے یہ امر قابل ذکر ہے کہ حلقہ پٹواری ملک قاسم اقبال کا تعلق پڑھے لکھے نئے بھرتی ہونے والے کمپیوٹر پٹواریوں نوجوانوں سے ہے جن کی بھرتی بڑے صاف اور شفاف عمل کے بعد بغیر کسی سفارش کے مکمل میرٹ پر سابق ڈپٹی کمشنر جھنگ نے کی تھی لیکن کئی مہینوں سے اس پٹواری کی کرپشن کے قصے ہر زبان پر زدعام تھے اور آخر کار ٹھوس ثبوت ملنے کے بعد ملک قاسم اقبال پٹواری کے خلاف کاروائی عمل میں لائی گئی اس موقعہ پر ڈپٹی کمشنر جھنگ نے میڈیا کو بتایا کہ رشوت جیسے سنگین معاملات کی شکایت ملنے پر کسی ریونیو افیسر یا سرکاری اہلکار کے ساتھ بلا امتیاز کاروائی کی جائے گی اور کوئی سفارش یا کسی قسم کا کوئی دبا قبول نہیں کیا جائے گا اور شکایت ملنے پر رشوت لینے والے سرکاری ملازمین کے خلاف فوری مقدمات درج کیے جائیں گے یاد رہے کہ موجود ڈپٹی کمشنر عبدوللہ خرم نیازی جب سے جھنگ تعینات ہوئے ہیں ان کے حکم پر زمینداروں کی سہولت کے پیش نظر معمولی تنازہ جات اور تقسیم ونڈا جات وغیرہ کے کیس روزانہ کی بنیاد پر نپٹائے جا رہے ہیں اور پٹواری حلقہ قانگو اور ریونیو افیسر کو اس امر کا پابند بنایا گیا ہے

شاعروں اور ادیبوں نے تحریک پاکستان میں قوم کی

بیداری کا فریضہ انجام دیا تھا

چشتیاں)چوہدری عثمان (پاکستان اور بھارت کے پنجاب میں مقبول پنجابی کے شاعر پروفیسر صغیر تبسم نے کہا ہے کہ شاعروں اور ادیبوں نے تحریک پاکستان میں قوم کی بیداری کا فریضہ انجام دیا تھا جبکہ ادب معاشرے اور تہذیب کا ترجمان اور عکاس ہے، مشاعروں و ادبی تقریبات نے پنجابی، اردو زبانوں کو عوام تک پہنچانے اور مقبول بنانے میں تاریخ ساز کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے چشتیاں میں پنجابی کے مشہور شاعر عاشق انجم مرحوم کی تیسری برسی کے موقع پر حلقہ ارباب ادب چشتیاں کے زیر اہتمام مقامی شادی ہال میں منعقدہ تقریب پذیرائی و محفل مشاعرہ میں خطاب کرتے ہوئے مزید کہا کہ ادب عوامی رابطہ کا بہترین ذریعہ ہے، ادب انسان کو شعور اور فکر کی طرف مائل کرنے کے علاوہ اصلاح معاشرہ کا فریضہ بھی ادا کرتا ہے۔ تقریب میں وہاڑی کے مشہور شاعروں تنویر سیٹھی کے اردو شعری مجموعہ نہیں اور الحاج رشید ارشد کے پنجابی شعری مجموعہ اکھ دا کاسہ کی رونمائی ہوئی اور دونوں شاعروں کی خوبصورت اور معاشرے کی عکاس شاعری کو خراج تحسین پیش کیا۔ بعد ازاں مشاعرہ کے دوران رفیق رضا، علی اصغر، محمود اختر، راشد انجم چشتیاں، شاہد شمشاد، شبیر حسین ناز، طلعت محمود شامی، محمد احمد چشتی ڈاہرانوالہ، محمد عامر چشتی ہارون آباد، عقیل عاجز جنڈوالہ، محمد آصف تبسم دیپالپور، طلحہ بن سہیل بہاولنگر، پروفیسر عبیداللہ نزاکت حاصل پور، امجد خان تجوانہ، عمر دراز کھرل، ڈاکٹر ندیم اکبر ندیم، تنویر سیٹھی، الحاج رشید ارشد وہاڑی اور پروفیسر صغیر تبسم بہاولنگر نے پنجابی، اردو کلام پیش کر کے خوب داد تحسین حاصل کی۔ اس موقع پر پنجاب کالجز چشتیاں کے پرنسپل پروفیسر سید سہیل احمد، حاجی میاں محمد شفیع، پروفیسر صغیر تبسم، سرپرست اعلی حلقہ ارباب ادب چشتیاں محمد یسین ظفر، صدر محمد رفیق رضا، جنرل سیکرٹری محمود اختر نے پنجابی کے شاعر عاشق انجم مرحوم کے معاشرتی مسائل اور ظلم و جبر کے مزاحمتی کلام کو خراج عقیدت پیش کیا۔ نقابت کے فرائض ڈاہرانوالہ کے پنجابی شاعر

راہزنی کی وارداتوں میں موٹر سائیکل چھیننے اور چوری کرنے

والے ملزم کو گرفتار کر کے دو موٹر سائیکلیں نقدی اسلحہ برآمد کر لیا

سرائے عالمگیر) نامہ نگار (راہزنی کی وارداتوں میں موٹر سائیکل چھیننے اور چوری کرنے والے ملزم کو گرفتار کر کے دو موٹر سائیکلیں نقدی اسلحہ برآمد کر لیا اسسٹنٹ سب انسپکٹر چوہدری عاصم ظفر نے ایس ایچ او تھانہ کھاریاں کی نگرانی میں چھاپہ مار کر راہزنی کی وارداتوں میں لوگوں سے موٹر سائیکلیں چھیننے والے اور موٹر سائیکل چوری کرنے والے ملزم عادل شہزاد سکنہ منڈھیر کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے دو موٹر سائیکلیں 15 ہزار روپے نقد اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا۔

احمد پور سیال میں یوٹیلیٹی سٹورز پر سبسڈائزڈ آٹا انتہائی کم مقدار میں سپلائی کیا جا رہا ہے

احمد پور سیال) تحصیل رپورٹر (احمد پور سیال میں یوٹیلیٹی سٹورز پر سبسڈائزڈ آٹا انتہائی کم مقدار میں سپلائی کیا جا رہا ہے جبکہ خریدار زیادہ ہیں جس کی وجہ سے خواتین کی اکثریت 10 کلوگرام آٹے کے تھیلے سے محروم رہ جاتی ہیں۔ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی بینی فشریز خواتین کیلئے نگران حکومت کی طرف سے یوٹیلیٹی سٹورز پر آٹا، چینی اور گھی پر سبسڈی دی گئی ہے، جس کے تحت 10 کلوگرام آٹے کا تھیلا 650 روپے میں ملتا ہے لیکن احمد پور سیال کے یوٹیلیٹی سٹورز پر 10 روز بعد آٹا تو مہیا کیا جاتا ہے لیکن انتہائی کم مقدار میں۔ آٹا ناکافی ہونے کی وجہ سے بینی فشریز خواتین کی بہت بڑی تعداد آٹے سے محروم رہ جاتی ہے۔ یوٹیلیٹی سٹورز پر بدنظمی کی وجہ سے دھکم پیل دیکھنے میں آتی ہے۔ یوٹیلیٹی سٹورز کے انچارجز کا کہنا ہے آٹا محدود خریدار زیادہ ہیں ہم بے بس ہیں۔ شہریوں نے آٹے کا کوٹہ بڑھانے کا مطالبہ کیا ہے

تحصیل پریس کلب احمد پور سیال کی 2024 کے لئے

کابینہ تشکیل دے دی گئی

احمد پور سیال) تحصیل رپورٹر (تحصیل پریس کلب احمد پور سیال کی 2024 کے لئے کابینہ تشکیل دے دی گئی۔ ملک مجاہد عباس جواد سرپرست اعلی، چوہدری محمد جاوید اسلم چیئرمین، حبیب مہدی منظر صدر، فرحت عباس بھٹی نائب صدر، تنویر حسین جنرل سیکرٹری، محمد عمران بھٹہ جوائنٹ سیکرٹری، ملک حفیظ الرحمان فنانس سیکرٹری، ثقلین عباس بھٹی انفارمیشن سیکرٹری اور چوہدری عبدالمجید گجر آفس سیکرٹری منتخب ہو گئے۔ نو منتخب صدر تحصیل پریس کلب احمد پور سیال مثبت اور تعمیری صحافت کا فروغ نصب العین ہے۔ جنرل سیکرٹری تنویر حسین نے کہا کہ زرد صحافت کی بھرپور حوصلہ شکنی کریں گے اور صحافیوں کے مسائل کا حل ترجیحی بنیاد دوں پر کیا جائے گا۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں سمسٹر بہار 2024

کے پہلے مرحلے کے لئے داخلے شروع ہو گے ہیں

فاروق آباد)وقاص زاہد سے (علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں سمسٹر بہار 2024 کے پہلے مرحلے کے لئے داخلے شروع ہو گے ہیں . داخلے کے خواہش مند طلبا اور طالبات 15 فروری تک داخلہ بھیج سکتے ہیں . ریجنل ڈائریکٹر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی شیخوپورہ ریجن جاوید اقبال نے بتایا کہ یونیورسٹی کے سمسٹر بہار 2024 کے پہلے مرحلے کے داخلے 15 جنوری سے شروع ہو گے ہیں . پہلے مرحلے میں میٹرک)میٹرک جنرل، میٹرک درس نظامی) ثانویہ عامہ (، میٹرک اوپن کورسز (، ایف اے)ایف اے جنرل، آئی کام، ایف اے درس نظامی) ثانویہ خاصہ (، ایف اے اوپن کورسز (، آن لائن سرٹیفکیٹ کورسز میں داخلہ دیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ پہلے مرحلے میں میٹرک، ایف اے کے علاوہ پی ایچ ڈی، ایم فل/ایم ایس، بی ایس 4 سالہ پروگرام ایف ایس سی کی بنیاد پر اور بی ایس 2.5 سالہ پروگرام بی ایس سی کی بنیاد پر داخلے کا آغاز ہو رہا ہے اور داخلہ کی تاریخ 15 جنوری سے 15 فروری 2024 تک ہے جس کیلئے طلبا و طالبات آن لائن داخلہ بھجیں گے جو کہ مین کیمپس اسلام آباد میں فیس ٹو فیس کروائے جائیں گے انہوں نے مزید بتایا کہ ایم فل /ایم ایس اور پی ایچ ڈی کے داخلوں کے لئے یونیورسٹی کے ہیڈ آفس اسلام آباد میں 20 سے 23 فروری تک انٹری ٹیسٹ کا انعقاد کیا جائے گا۔

پھول نگر: موضع فتے والا میں آل برادران فاؤنڈیشن کی جانب سے مولود

کعبہ حضرت علی کے جشن ولادت کے سلسلہ میں محفل نعت کا انعقاد

پھول نگر)نامہ نگار :(تفصیلات کے مطابق پھول نگر کے نواحی موضع فتے والا میں آل برادران فاؤنڈیشن کی جانب سے مولود کعبہ حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کی ولادت کے جشن کے سلسلہ میں محفل کا انعقاد کیا گیا جس میں ملک کے معروف نعت خوان اور مقررین نے حضرت محمد خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کی شان میں نذرانہ عقیدت پیش کیا۔ اس محفل کے مہمان خصوصی پیر جناب صاحبزادہ میاں محمد معروف تھے جب کہ دیگر شرکا میں نعت خوان ندیم سعیدی آف ملتان اور نعت خوان بلال جمیل سعیدی آف مرید کے نے نمایاں طور پر شرکت کی اور اپنے خاص انداز میں نذرانہ عقیدت پیش کر کے حاضرین کے دلوں کو گرمایا۔ محفل میں علاقہ بھر سے ناظرین و سامعین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ پھول نگر یونائیٹڈ پریس کلب کے معروف صحافی اسلم بھٹی، محمد وقاص قمر، سید ضیغم عباس نقوی اور پروفیسر محمد افضل شاغف نے محفل کو بھرپور کوریج دی۔ محفل میں درود پاک بھی کثرت سے پڑھا گیا۔ صدر فاؤنڈیشن چوہدری فیض رسول، چیئرمین ملک ندیم اور محفل کے چیف آرگنائزر چوہدری پرویز عارف کی خصوصی کاوش سے اس بابرکت محفل کے انتظامات کیے گئے۔ چوہدری عارف نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ یہ ان کی فاؤنڈیشن کی دوسری سالانہ محفل ہے اور وہ اپنے عزم کو جاری رکھتے ہوئے ہر سال ایسی محفل سجانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ مہمانوں کو پرتکلف عشائیہ پیش کرنے میں نوجوان مجاہد شاہ زیب انصاری نے نمایاں کردار ادا کیا۔

ڈسٹرکٹ کلرکس بار ایسوسی ایشن سرگودھا کے انتخابات میں شاہین

اینڈ ڈاکٹر گروپ کے تمام امیدوار بھاری اکثریت سے کامیاب



سرگودھا) بیورو چیف رانا اسلم شاہین (ڈسٹرکٹ کلرکس بار ایسوسی ایشن سرگودھا کے انتخابات میں شاہین اینڈ ڈاکٹر گروپ کے تمام امیدوار بھاری اکثریت سے کامیاب۔ تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز ڈسٹرکٹ کلرکس بار ایسوسی ایشن سرگودھا کے انتخابات منعقد ہوئے جس میں شاہین اینڈ ڈاکٹر گروپ کے محمد آصف بھٹی 264 ووٹ لیکر صدر اور سہیل اصغر 238 ووٹ لیکر جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے۔ جبکہ انکے مدمقابل امیدواروں نے بالترتیب 78 اور 97 ووٹ حاصل کیئے۔ جبکہ دیگر امیدواروں میں نائب صدر کیلئے جہانگیر عباس نے 189، جوائنٹ سیکرٹری کیلئے محمد اشفاق 181، فنانس سیکرٹری کیلئے ملک ذیشان رفیق 201 ووٹ لیکر کامیاب قرار پائے۔ گروپ کی شاندار کامیابی کے بعد شاہین اینڈ ڈاکٹر گروپ کے سینکڑوں سپورٹرز نے جیت کی خوشی میں جشن منایا اور مٹھائی تقسیم کی۔

سرگودھا، فیئر اینڈ فری الیکشن کے انعقاد اور پرامن ماحول

میں الیکشن کے انعقاد

سرگودھا) بیورو چیف (سرگودھا، فیئر اینڈ فری الیکشن کے انعقاد اور پرامن ماحول میں الیکشن کے انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے بنائے جانے والے ٹریننگ سینٹر کی خواتین کو نامعلوم افراد کی دھمکیاں، الیکشن کمیشن میں درخواست دائر، تفصیلات کے مطابق سابق ممبر صوبائی اسمبلی محترمہ شمیم آفتاب نے الیکشن کمیشن سرگودھا کو درخواست دی ہے، جس میں انھوں موقف اختیار کرتے ہوئے لکھا کہ کچھ نامعلوم افراد کی جانب سے ٹریننگ سنٹرز پر آنے والی خواتین کو ہراساں کیا جا رہا ہے۔ انکا کہنا ھے کہ وہ سابق ایم پی اے، تجربہ کار سیاسی کارکن اور ماسٹر ٹرینر ہونے کے ناطے میں ضلع سرگودھا کے مختلف علاقوں میں قائم کردہ Training Centres پر فیئر اینڈ فری الیکشن کے انعقاد اور پرامن ماحول میں الیکشن کے انعقاد کو یقینی بنانے کے لئے ٹریننگ دے رہی ہیں لیکن کچھ نامعلوم افراد کی جانب سے انکے ٹریننگ سینٹرز پر آنے والی خواتین کو ہراساں کیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے خواتین کو مذکورہ مراکز پر ٹریننگ پروگرامز میں حصہ لینے کے حوالے سے شدید پریشانی اور ذہنی کوفت کا سامنا ہے۔ سابق ایم پی اے شمیم آفتاب نے الیکشن کمیشن سرگودھا کو باقاعدہ درخواست میں یہ بھی بتایا کہ الیکشن کمیشن قانون نافذ کرنے والے اداروں کو واضح احکامات جاری کرے کہ ایسے افراد کیخلاف قانونی کارروائی کی جائے اور سخت ایکشن لیا جائے۔ اس سلسلے میں انہوں نے الیکشن کمیشن سرگودھا کے دفتر میں ڈپٹی الیکشن کمیشن سے ملاقات کی اور دھمکیاں دینے والے ایسے عناصر کو آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کیلئے متعلقہ حکام کو موقع پر احکامات جاری کروائے۔

سندھ سہائی آرگنائزیشن اور ناری جمہوری محاذ کی جانب سے مختلف تنظیموں اور سول سوسائٹی کے ہمراہ 8 مارچ کو خواتین کے عالمی دن

پر لاڑکانہ میں "عورت مارچ " کے انعقاد کا اعلان

LARKANO PRESS CLU

لاڑکانہ)بیورو رپورٹ (سندھ سہائی آرگنائزیشن اور ناری جمہوری محاذ کی جانب سے مختلف تنظیموں اور سول سوسائٹی کے ہمراہ 8 مارچ کو خواتین کے عالمی دن پر لاڑکانہ میں "عورت مارچ " کے انعقاد کا اعلان کیا گیا ہے، اس سلسلے میں سندھ سہائی آرگنائزیشن کی رہنما عائشہ دھاریجو اور ناری جمہوری محاذ کی کامریڈ عالیہ بخش تلھو نے لاڑکانہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم 8 مارچ کو لاڑکانہ میں مختلف تنظیموں اور سول سوسائٹی کے ساتھ مل کر عورت مارچ کریں گے، شمالی سندھ کے کئی علاقوں میں قبائلی تنازعات اور غیرت کے نام پر خواتین کو بے گناہ قتل کر کے ان پر تشدد کیا جاتا ہے، لاڑکانہ ڈویژن میں خواتین کے بہت سے مسائل ہیں جہاں تعلیمی اداروں اور مختلف مقامات پر خواتین کو ہراساں اور تشدد کا نشانہ بنایا جاتا ہے، ان کا کہنا تھا کہ 2021 سے 2023 تک 600 سے زائد خواتین اور مردوں کو غیرت اور کاروکاری کے نام پر قتل کیا گیا، ہمارے معاشرے میں مرد اکیلے کمانے سے معاشی حالات کا مقابلہ نہیں کر سکتے جنھیں خواتین کے مدد کی ضرورت ہوتی ہے، ہم معاشرے میں فرسودہ رسومات کے خاتمے اور خواتین کے حقوق کے تحفظ کے لیے مختلف سماجی تنظیموں سے رابطے میں ہیں تا کہ عورت مارچ میں زیادہ سے زیادہ خواتین اور مرد شرکت کر کے اسے کامیاب بنائیں جس کے لیے ہم نے لاڑکانہ میں ایکشن کمیٹی تشکیل دی ہے جو مارچ کا اہتمام کرے گی، انہوں نے کہا کہ ملک میں سیلاب، بڑھتی ہوئی مہنگائی، بے روزگاری اور دیگر سماجی مسائل کے باعث سندھ کی خواتین اس وقت بھی کٹھن زندگی گذار رہی ہیں جن کے خلاف ہونے والی مظالم کے لیے سماج کے ہر فرد کو متحد ہونے کی ضرورت ہے، اس موقع پر کمال جمسلات، خان غفار خان، منظور شیخ، صدر بھٹی، ستار حلیو، عزیز قاسمانی، حمزہ علی سوہو اور دیگر بھی موجود تھے۔

ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس طیب حفیظ چیمہ نے ریجنل

پولیس آفیسر گوجرانوالہ کے عہدے کا چارج سنبھال لیا

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس طیب حفیظ چیمہ نے ریجنل پولیس آفیسر گوجرانوالہ کے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ ایس ایس پی ریجن کرائم محمد شہباز، ایس پی لیگل صفدر علی ہنجرا و دیگر افسران سمیت آفس اسٹاف نے آر پی او کا استقبال کیا سائلین کی عزت نفس کا خیال رکھتے ہوئے اپنے رویوں اور اخلاقیات سے انہیں متاثر کریں جس سے محکمے کا وقار بلند ہوگا ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ گوجرانوالہ میں نئے تعینات ہونے والے ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ ایس ایس پی ریجن کرائم محمد شہباز، ایس پی لیگل صفدر علی ہنجرا و دیگر افسران سمیت آفس اسٹاف نے آر پی او کا استقبال کیا۔ اس موقع پر آر پی او کا کہنا تھا کہ جرائم کی بیخ کنی، عوام الناس کو میرٹ پر انصاف کی فراہمی اور پولیس ملازمین کی ویلفیئر ترجیحات میں شامل ہے، محکمانہ امور میں غفلت اور کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ آپ فیلڈ میں ہوں یا دفتروں میں جو سائلین اپنے مسائل آپ کے پاس لے کر آئیں ان کی عزت نفس کا خاص خیال رکھتے ہوئے ان کی فوری دادرسی کی جائے۔ اپنے رویوں اور اخلاقیات سے لوگوں کو متاثر کریں جس سے محکمے کا وقار بلند ہوگا۔ آر پی او نے کہا کہ شہریوں اور پولیس ملازمین کیلئے ان کے دفتر کے دروازے ہمہ وقت کھلے رہیں گے انہوں نے مزید کہا کہ پولیس سروس ایک نوکری نہیں بلکہ عوامی خدمت پر مبنی ایک لائف سٹائل ہے۔ چارج سنبھالنے کے بعد ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ نے سی پی او محمد ایاز سلیم کے ہمراہ سیف سٹی پروجیکٹ گوجرانوالہ کا وزٹ کیا۔ آر پی او نے سیف سٹی کی تعمیر نو کا جائزہ لیا اور تعمیراتی کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کے احکامات جاری کیے اور کہا کہ سیف سٹی پروجیکٹ کی تکمیل کے بعد گوجرانوالہ میں کرائم کو کنٹرول کرنے میں مدد ملے گی۔ بعدازاں آر پی او نے سی پی او اور سی ٹی او آفس کی زیر تعمیر بلڈنگ کا جائزہ بھی لیا۔ آخر میں آر پی او نے سپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشن صدر گوجرانوالہ کا وزٹ کیا دوران وزٹ فرنٹ ڈیسک، حوالات، محرر روم اور تھانہ کے ویٹنگ ایریا کا بھی جائزہ لیا اور کہا کہ تھانہ پولیس کا بنیادی یونٹ ہے

جنرل الیکشن کے قریب اتے ہی کیپن اور کارنر میٹنگز میں تیزی

چودھری رضوان اشرف واہلہ سمیت سینکڑوں لوگوں نے شرکت کی

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر)جنرل الیکشن کے قریب اتے ہی کیپن اور کارنر میٹنگز میں تیزی اس سلسلہ میں امیدوار این اے 81 پاکستان مسلم لیگ ن کے بڑے بھائی حاجی مدثر قیوم ناہرا اور امیدوار پی پی 68 چوہدری محمد اقبال گجر کے بیٹے محمد آصف گجر مرالیوالہ ایک ہی دن 5 مختلف میٹنگز کیں کارنر میٹنگ ڈیرہ ڈاکٹر محمد آصف بٹ آف مرالیوالہ۔ محمد شبیر عرف بھولا گجر کے ڈیرہ۔ شہزاد وڑائچ۔ امان اللہ دیندار۔ مسیح برادری نے عمانوئیل کی قیادت میں امیدواروں سے اپنے ڈیرہ پر کارنر میٹنگ کی ن لیگ کے امیدواروں کی مکمل حمایت کا اعلان کیا اس کے بعد مرالیوالہ میں انتخابی دفتر پاکستان مسلم لیگ ن مرالیوالہ کا افتتاح بھی کیا گیا۔ کارنر میٹنگ میں حاجی مدثر قیوم ناہرا اور چوہدری آصف اقبال گجر نے کہا کہ پاکستان میں جب بھی ترقیاتی کام ہوئے ہیں وہ مسلم لیگ ن اور نواز شریف کی قیادت میں ہوئے ہیں پی ٹی آئی کی حکومت نے ہمارے حلقہ میں کوئی کام نہیں کروایا بلکہ گالی گلوچ کا کلچر پروان چڑھایا ہے عوام مسلم لیگ ن کو ووٹ دیں مسلم لیگ ن ملک میں ترقی کی ضامن ہے اس موقع پر ڈاکٹر آصف بٹ نے بھی مرالیوالہ کی بٹ برادری کی طرف سے مکمل حمایت کا اعلان کیا۔ اس موقع پر ذوالفقار بٹ ٹھیکیدار، انصر لون، چوہدری اختر نمبردار، الیاس شیخ، سمیت سینکڑوں لوگوں نے شرکت کی

پاکستانیوں کی محبت اپنائیت مہمان نوازی کا میں شکر گزار

ہوں جنہوں نے مجھے ہمیشہ پیار دیا، مصنف ممتاز

شیخوپورہ (نعمان بیگ سے) پاکستانیوں کی محبت اپنائیت مہمان نوازی کا میں شکر گزار ہوں جنہوں نے مجھے ہمیشہ پیار دیا جو میری خوبصورت یادوں کا حصہ رہے گا شیخوپورہ ننکانہ صاحب لاہور سمیت دیگر علاقوں میں میرا والہانہ استقبال محبت رواداری میرے لیے کسی اعزاز سے کم نہیں ان خیالات کا اظہار انٹرنیشنل کراٹے چیمپین بلیک بیلٹ مصنف ممتاز انٹرنیشنل سیاسی و سماجی شخصیت ڈاکٹر سردار گرومندر پال سنگھ نے مرکزی صدر انجمن کمبوہاں پاکستان چوہدری تنویر احمد ڈھوٹ کمبوہ اور شاہ رخ ڈور کمبوہ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پانچ ہزار سال پرانی پنجابی زبان کی ترویج ترجیح کے لیے منتخب حکومتوں کو اپنا کلیدی کردار ادا کرنا چاہیے ڈاکٹر سردار گرومندر پار سنگھ نے کہا کہ اگر پاکستان میں حکومتی اور اپوزیشن پارٹیاں ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو کر ایشیا کی سب سے بڑی مسلم پاور بن سکتے ہیں پاکستان پر چار کتابیں لکھنا میرا پاکستان سے محبت کا ہی پہلو نظر آئے گا اب تک تیرہ کتابیں لکھ چکا ہوں لیکن ہر کتب میں میں نے ہمیشہ انسانیت کا ہی پرچار کیا رب کائنات نے اپنا پیغام پھیلانے کے لیے مختلف ٹائمز میں مختلف میسنجر بھیجے اسی طرح کمبو برادری کی تاریخ بھی بہت پرانی ہے اور تاریخ ثابت کرتی ہے کہ کمبو برادری نے ہمیشہ انسانیت کی فلاح و بہبود ریاست کی تعمیر و ترقی پر نہ صرف دل کھول کر کام کیا بلکہ انسانیت کی بقا کے لیے ہمیشہ پیش پیش رہے

کنزرویٹر آر۔ایم فیصل آباد انوار الحق قریشی کو ناظم جنگلات

فیصل آباد سرکل کا دوبارہ اضافی چارج دے دیا گیا

جھنگ)اجمل حسین بیورو چیف (سکیرٹری فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ پنجاب نے گریڈ 19 کے افیسر کنزرویٹر جنگلات آر۔ ایم فیصل آباد انوار الحق قریشی کو تین ماہ کے لیے دوبارہ ناظم جنگلات فیصل آباد سرکل کی خالی سیٹ پر تعینات کر دیا ہے انوار الحق قریشی ایک انتہائی شریف ایماندار اور فرض شناس افیسر ہیں سینئر صحافی جھنگ اجمل حسین خان فیاض احمد خان ڈویژنل فاریسٹ افیسر جھنگ شریف طاہر صدر یونین آف جرنلسٹ جھنگ نے انوار الحق قریشی کو ان کی تعیناتی پر مبارک باد دیتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے یاد رہے کہ ناظم جنگلات فیصل آباد کی سیٹ عرصہ تین ماہ سے خالی ہے جو کہ شیخ منظور حسین ناظم جنگلات فیصل آباد کے تبادلہ کے بعد خالی ہوئی تھی لیکن 8 فروری کو عام انتخابات اور الیکشن کمیشن آف پاکستان کے ٹرانسفر پوسٹنگ پر پابندی کی وجہ سے اس سیٹ پر مستقل طور پر کسی افیسر کے تعیناتی کے تاحال آرڈر نہیں ہو سکے

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ

انتقال نمبر 5304 وراثت موضع آدکے چیمہ کے تحت سائل کا والد کوثر بی بی بیوہ عبدالوحد کا فوت ہونا مورخہ درج 19/09/2023 ہوا ہے اور اس کے قانونی و شرعی وارثان میں عبدالستار، عبدالرزاق، وحید ناصر، محمد عمران، محمد عثمان پسران نائیلہ تبسم، عروج عبدالوحید، جویریہ دختران بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کر دیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر و دستخط سے جاری ہوا

بعدالت جناب محمد عکرمہ صاحب جج فیملی کورٹ شکر گڑھ

مریم شاہ جہاں بنام محمد فیضان خان دعوی تنسیخ نکاح محمد فیضان خان ولد محمد سرور خان زات پٹھان ساکن مکان نمبر 359 محلہ وسیم پارک نمبر 2 فیروزپور روڈ نشتر کالونی لاہور آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 19.2.24 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

بعدالت جناب محمد عکرمہ صاحب سول جج شکر گڑھ

حنیفاں بی بی بنام عوام الناس دعوی درخواست برائے گارڈین سرٹیفکیٹ حنیفاں بی بی بیوہ منیر احمد زات گوجر ساکن امریال تحصیل شکر گڑھ ضلع نارووال آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 1.2.24 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ

انتقال نمبر 5303 وراثت موضع آدکے چیمہ کے تحت سائل کا بھائی امجد علی بٹ ولد بشیر بٹ کا فوت ہونا مورخہ درج 08/06/2021 ہوا ہے اور اس کے قانونی و شرعی وارثان میں محمد بشیر والد محمد یونس بٹ، محمد ارشد بٹ بھائی آسیہ پروین، ثمینہ اختر ہمشیرگان افشاں بی بی بیوی بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج بر پشت انتقال میں اگر ان وارثان میں سے یا ان کے علاوہ کوئی علم رکھتا ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو سات یوم کے اندر اندر تک حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کر دیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر و دستخط سے جاری ہوا

بعدالت جناب محمد عکرمہ صاحب سول جج شکر گڑھ

محمد ناظم بنام عامرین جاوید دعوی اعادہ حقوق زن اشو کیا مرین جاوید دختر جاوید اختر زات انصاری سکنہ نگروٹہ انصاریاں ڈاکخانہ سکھو چک تحصیل شکر گڑھ ضلع نارووال آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 14.2.24 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

بعدالت جناب چوہدری محمد فیاض صاحب سول جج صاحب سمندری ضلع فیصل آباد

عنوان۔ عامر ندیم بنام سکینہ بی بی وغیرہ۔ درخواست تقسیم اراضی کھیوٹ نمبر 17 کھتونی نمبر 207 سالم کھاتہ 63K-17M واقع چک نمبر 771 گ ب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ اخبار اشتہار بنام۔ سکینہ بی بی بیوہ محمد عظیم، محمد نواز ولد عظیم، محمد آصف ولد اعظم، ساجد پرویز ولد عظیم، محمد اعظم ولد قاسم، محمد آصف ولد اعظم اقوام سیال ہرگانہ ساکنان چک نمبر 771 گ ب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا آپ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہیکہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 06/01/2024 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

بعدالت جناب تحصیلدار / LRO / ADLRO صاحب تحصیل منچن آباد

عنوان: انتقال وراثت متوفیہ روبینہ شاہین (غیر شادی شدہ) (دختر دیوان علی، موضع بدری نرائن پورہ تحصیل منچن آباد برائے منظوری پیش ہوا ہے جس میں متوفیہ کے وارثان میں دو بھائی محمد جمیل، راخلیل احمد اور دو بہنیں زبیدہ بی بی، نسیم بیگم برادران و ہمشیرگان متوفیہ زندہ حیات درج ہیں، ان کے علاوہ کوئی اور وارث نہ ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کوئی اور وارث ہے تو وہ اندر سات یوم اپنا ثبوت پیش کرے بصورت دیگر انتقال وراثت انہی درج شدہ کے نام منظور کر دیا جائیگا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محمد اشفاق ملک صاحب سینئر سول جج پاکپتن

عنوان مقدمہ: صائمہ امین، بنام: محمد انعام ولد عبدالستار قوم وٹو ساکن مٹی شاپ کلیانہ تحصیل وضلع پاکپتن، دعویٰ: تنسیخ نکاح۔ ہرگاہ مقدمہ میں مدعاعلیہ / مدعاعلیہم کی تعمیل آسان ذرائع سے ممکن نہیں ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ 02-02-2024 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت پیروی وجواب دہی مقدمہ عنوان بالا کریں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بقیہ — بقیہ جات — 13

موسم سرد ہونے کے ساتھ بڑھ گیا ہے، ایسے میں موٹر ویز کو عوام کی حفاظت اور محفوظ سفر یقینی بنانے کے لیے بند کیا جاتا ہے۔ ترجمان پولیس نے بتایا کہ روڈ یوزرز دھند کے موسم میں دن کے اوقات میں سفر کو ترجیح دیں۔

بقیہ — بقیہ جات — 14

کو 200000 روپے، شاہدرہ ٹاؤن کے علاقے میں کنکشن کو 180000 روپے، شاہدرہ ٹاؤن کے ہی علاقے میں ایک اور کنکشن کو 175000 روپے عائد کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق 143 روز سے جاری مہم کے 49320 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 48861 کنکشنز کے خلاف ایف آئی آر کی درخواستیں جمع کروائی گئیں اور اب تک کی کارروائیوں میں 17403 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ بجلی چوروں کو اب تک 69485630 یونٹس چارج کیے گئے جن کی قیمت 2693974334 روپے بنتی ہے۔

بقیہ — بقیہ جات — 15

کنونشن کے ای فائٹو حب کے ذریعے ممالک کے درمیان ای فائٹو سرٹیفکیٹ کا تبادلہ کیا جاتا ہے۔ ای فائٹو حب کے ساتھ انضمام محکمہ پلانٹ پروٹیکشن، وزارت نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ اور پی ایس ڈبلیو کی مشترکہ کوشش ہے اور یہ پاکستان کی سپلائی چین ٹرانزیکشنز کو ڈیجیٹل کرنے کی جانب ایک بڑا قدم ہے۔ پی ایس ڈبلیو کا مقصد تجارتی عمل کو ہموار بنانا ہے۔ ڈی پی پی کے سرحد پار تجارت میں سہولیات فراہم کرنے کے لئے الیکٹرانک ایپلیکیشن، پروسیسنگ اور درآمدی اجازت نامے کے اجراء کے علاوہ قومی اور بین الاقوامی قوانین کے مطابق پودوں اور پودوں سے متعلقہ اشیاء کی درآمد اور برآمد کے لئے ریلیز آرڈرز اور فائٹو سینیٹری سرٹیفکیٹس کے حصول کو ڈیجیٹلائز کیا ہے۔ اس حب کے ذریعے ای فائٹوز کا الیکٹرانک تبادلہ کسٹم کلیئرنس کے دوران تاجروں کو دستاویزات جمع کرانے کی ضرورت کو ختم کرتا ہے، درآمد کنندگان کم وقت اور لاگت سے فائدہ اٹھا رہے ہیں کیونکہ ڈی پی پی سے ان کے درآمدی کنسائمنٹس کی کلیئرنس کے لیے ریلیز آرڈرز کا حصول بغیر ہارڈ کاپی جمع کرائے ممکن ہو گیا ہے جس میں تاجروں کو سنگل ڈیکلریشن کرتے وقت صرف ای فائٹو سرٹیفکیٹ کا نمبر درج کرنا ہوگا۔

بعدالت جناب سینئر سول جج محمد عمران فاروق صاحب بااختیارات گارڈین کورٹ شیخوپورہ

سعدیہ بیوہ محمد نعمان قوم کمبوہ ساکن سلیم کوٹ کاہنیانوالہ تحصیل وضلع شیخوپورہ بنام عوام الناس وغیرہ

عوام الناس

درخواست زیر دفعہ 7 گارڈین اینڈ وارڈ ایکٹ برائے تقرری

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 06-02-2024 بوقت 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ بعمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب نوید انجم چوہدری صاحب سول جج / جج فیملی کورٹ پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین نابالغ۔ عنوان۔ ساجد علی ولد محمد بھرپور قوم گوپےرا ساکن چک نمبر 670 گ ب تحصیل پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ بنام عوام الناس۔ اخبار اشتہار بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے درخواست ہذا میں بتقرر 06/02/24 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب احمد سعید صائم صاحب سول جج جھنگ

عنوان مقدمہ: طالب حسین بنام شہزاد وغیرہ۔ دعویٰ حکم امتناعی دوامی۔ اخبار اشتہار بنام شہزاد، شازیہ پسر ودختر محمد نواز۔ محمد نواز ولد پہلوان اقوام ربانی سکنائے چھوٹا مانانوالہ تحصیل وضلع فیصل آباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 01.02.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب مسز عاشی عظمت صاحبہ سول جج درجہ اول / فیملی کورٹ تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعویٰ تنسیخ نکاح: فردوس بی بی بنام ناصر علی ولد غلام مصطفیٰ قوم انصاری ساکن چک نمبر 409 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے۔ مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 02-02-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

بعدالت جناب عنبر گل خاں صاحبہ سول جج درجہ اول اوکاڑہ

دعویٰ۔ استقرار حق معہ حکم امتناعی دوامی۔ عنوان مقدمہ۔ محمد سلیم بنام عوام الناس وغیرہ

اشتہار اخبار بنام۔ عوام الناس، ڈپٹی ڈائریکٹر نادرا ضلع کمپلیکس اوکاڑہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ مقرر 02-02-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالت حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ AS

اطلاع گمشدگی پالیسی

اسٹیٹ لائف کارپوریشن کی جاری کردہ پالیسی نمبر 0-619312265 بنام غلام مصطفیٰ ولد عمر دراز مالیت/-380000 روپے گم ہو گئی ہے اگر تیس یوم تک اعتراض موصول نہ ہوا تو پالیسی سرنڈر کر دی جائیگی۔

منجانب: جنرل منیجر اسٹیٹ لائف کارپوریشن آف پاکستان جھنگ زون

بقیہ — بقیہ جات — 16

سے بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ پیر سید زاہد شاہ گیلانی کے مشکور ہیں جنہوں نے مسلم لیگ (ن) کے پورے پینل کی حمایت کا اعلان کیا ہے

بقیہ — بقیہ جات — 17

سکیورٹی فورسز کے جذبے کو متزلزل نہیں کر سکتیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سکیورٹی فورسز کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے واقعات میں اضافہ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کے خلاف جنگ میں پوری قوم اور پاک افواج متحد ہے، پاکستانی عوام اور مسلح افواج نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں لازوال قربانیاں دی ہیں جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے دہشتگردوں کے حملے میں شہید ہونے والے شہدا کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی وتعزیت کا اظہار کیا اور کہا کہ قیمتی جانوں کے نقصان پر دل رنجیدہ ہے، پوری قوم شہدا کے خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہے۔

بقیہ — بقیہ جات — 18

مسلمان کی سب سے اہم ترین ذمہ داری ہے، عقیدہ ختم نبوت مسلمانوں کے ایمان کا اہم حصہ ہے یہ مسئلہ ہر دور میں انتہائی اہمیت کا حامل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نبی رحمت کے غلام بیدار ہیں، شمع رسالت کے پروانے ناموس رسالت کے تحفظ کیلئے اپنا تن من دھن قربان کرنے سے دریغ نہیں کریں گے۔ منکرین ختم نبوت قادیانیوں کا تعاقب جاری رکھا جائیگا

بعدالت جناب ایڈیشنل کمشنر صاحب ریونیو کیمپ ایٹ پاکپتن

عنوان مقدمہ: علی شیر وغیرہ، بنام: محمد یسین وغیرہ، اپیل ریونیو، بنام: محمد یسین ولد فاضل، نذیر احمد متوفی بذریعہ وارثان بازگشت، بلال احمد، نور محمد پسران، روبینہ بی بی، عروج فاطمہ، سائرہ بی بی دختران ناہید بی بی بیوہ نذیر احمد وارثان بازگشت اقوام ڈھڈی، عبدالرحیم، محمد یسین پسران ابراہیم اقوام مغل، محمد صغیر ولد محمد سعید قوم راجپوت چوہان، بشیر احمد ولد غلام حسین قوم آرائیں، محمد زبیر ولد عمر حیات قوم قریشی، شرف الٰہی دختر یتیم قوم بھٹہ، غلام فرید ولد یتیم متوفی بذریعہ وارثان بازگشت، صنم بی بی، انم بی بی، چمن بی بی، صاحبہ بی بی، اللہ معافی دختران، شبیر احمد پسر، رقیہ بی بی، ممتاز بی بی بیوگان غلام فرید اقوام بھٹہ ساکنان موضع جھنجرہ تحصیل عارف والا ضلع پاکپتن شریف۔ ہرگاہ مقدمہ میں مدعاعلیہ / مدعاعلیہم کی تعمیل آسان ذرائع سے ممکن نہیں ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ 31-01-2024 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت پیروی وجواب دہی مقدمہ عنوان بالا کریں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب نوید انجم چوہدری صاحب سول جج / جج فیملی کورٹ پیرمحل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

۔دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع۔ عنوان۔ ثنائی بی بی بنام محمد ندیم اخبار اشتہار بنام۔ محمد ندیم ولد امجد حسین ساکن وارڈ نمبر 5 گلی نمبر 13 محلہ گجرانوالہ مخدوم پور تحصیل وضلع خانیوال ہرگاہ مقدمہ بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا مدعاعلیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے دعویٰ ہذا میں بتقرر 07/02/2024 بوقت صبح 9 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں عدم حاضری کی صورت میں کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی بھی عذر قابل قبول نہ ہوگا

بعدالت جناب الیاس رضا ناصر صاحب سینئر سول جج فیملی ڈویژن اوکاڑہ

درخواست اجازت فروختگی جائیداد

عنوان مقدمہ۔ مسماۃ مقدس بخش بیوہ محمد بخش قوم آرائیں ساکن فتیانہ ساکن مین گلی محلہ افضل کالونی دیپالپور ضلع اوکاڑہ بنام عوام الناس

اشتہار اخبار بنام۔ عوام الناس

ہرگاہ سائل نے عدالت ہذا میں درخواست فروختگی جائیداد دائر کی ہے عوام الناس میں سے کسی کو کوئی عذر بابت درخواست ہو تو تاریخ مقررہ 16-02-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر اپنا عذر پیش کریں بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ AS

بعدالت تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل جھنگ

عنوان: تصدیق انتقال وراثت موضع مگھیانہ چک آبادی تحصیل وضلع جھنگ۔ ہرگاہ خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ (متوفیہ) غلام فاطمہ بیوہ غلام علی کے وارثان غلام جنداں، اللہ دتہ والدین پہلے فوت شد۔ غلام علی خاوند پہلے فوت شد۔ غلام شبیر، غلام حیدر، غلام قادر، غلام سرور، اورنگ زیب، قمر سہیل، ارشاد بی بی، کوثر بی بی، معراج بی بی، تہمینہ بی بی، شائلہ بی بی پسران ودختران زندہ ظاہر کیے گئے ہیں۔ وارثان بارے اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم اپنا عذر اعتراض پیش عدالت زیر دستخطی کرے بعد از گزرنے میعاد کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائیگا۔

بعدالت جناب سام اللہ صاحب سول جج شورکوٹ

عنوان مقدمہ: شازیہ انجم وغیرہ بنام عوام الناس۔ درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی۔ شازیہ انجم بیوہ محمد شفیق سکنہ چک نمبر 18 گھلہ تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ اخبار اشتہار بنام عوام الناس ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 03.02.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

پنجاب میں نمونیا سے سنگین صورتحال، مزید 14 بچے جان کی بازی ہار گئے

جنوری کے دوران نمونیا سے 275 اموات، 16 ہزار 203 کیسز رپورٹ، گزشتہ 6 روز کے درمیان 75 سے زائد بچے جان کی بازی ہار گئے

پنجاب میں نمونیا کے بڑھتے ہوئے کیسز کی بڑی وجہ رواں سال موسم سرما میں فضائی آلودگی کی وجہ سے پیدا ہونے والی اسموگ بھی ہے، ماہرین صحت

لاہور (آئی این پی) ملک کے سب سے بڑے صوبے پنجاب میں خطرناک نمونیا مزید 14 بچوں کی زندگیاں نگل گیا۔ محکمہ صحت پنجاب کے مطابق صوبے میں 24 گھنٹے کے دوران نمونیا کے 872 نئے کیسز رپورٹ ہوئے، صرف لاہور میں ایک روز کے دوران 202 نئے کیسز سامنے آئے۔ محکمہ صحت کے اعداد وشمار کے مطابق پنجاب میں جنوری کے دوران نمونیا سے 275 اموات اور 16 ہزار 203 کیسز سامنے آئے جب کہ صوبائی دار (بقیہ نمبر 23)

لاہور، ن لیگ کے امیدوار حاجی ملک وحید کارنر میٹنگ سے خطاب کررہے ہیں

ہم استحصال کا خاتمہ چاہتے ہیں، تاج حیدر

ہم ایک نظریاتی پارٹی ہیں، جمہوریت ہماری سیاست ہے، رہنما پیپلز پارٹی

کراچی (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما تاج حیدر نے کہا ہے کہ ہم استحصال کا خاتمہ چاہتے ہیں۔ کراچی میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ہم ایک نظریاتی پارٹی ہیں، جمہوریت ہماری سیاست ہے۔ تاج حیدر نے کہا کہ چیئرمین، شریک چیئرمین اور آصفہ بی بی بھی اس وقت عوام میں ہیں، ہم استحصال کا خاتمہ چاہتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ سرمایہ کو چند ہاتھوں (بقیہ نمبر 24)

سیاست میں دہشتگردی کی کوئی گنجائش نہیں، ثروت اعجاز قادری

پرتشدد واقعات جنرل الیکشن کے انعقاد کو روکنے کی سازش ہے، صدر پاکستان سنی تحریک

ننکانہ صاحب (این این آئی) قادری ہاؤس میں پاکستان سنی تحریک کے صدر ثروت اعجاز قادری مرکزی کوآرڈینیٹر طیب قادری سے اندرون سندھ کے ڈویژن کے صدر علامہ طلعت ایوان صوبائی رہنما اصغر نقشبندی، ضلع حیدرآباد کے صدر سردار بچل بابا، ضلع حیدرآباد کے جنرل سیکرٹری شفیق میو، جام شورو ضلع کے صدر نبیل قادری، ٹنڈو الہیار کے صدر نے ملاقات کی۔ صدر پاکستان سنی تحریک ثروت (بقیہ نمبر 25)

سائفر کیس میں جج نے بڑا مناسب، بہترین فیصلہ کیا، فیاض الحسن

اب دیکھنا ہے بانی پی ٹی آئی کیا رویہ اپناتے ہیں، رہنما استحکام پاکستان پارٹی

لاہور (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کے رہنما فیاض الحسن چوہان نے کہا ہے کہ اسپیشل کورٹ کے جج نے بڑا مناسب اور بہترین فیصلہ کیا ہے، اب دیکھنا یہ ہے کہ بانی پی ٹی آئی کیا رویہ اپناتے ہیں۔ انہوں نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ علیمہ خان جب باہر آتی تھیں تو کہتی تھیں کہ میرے بھائی کو سزائے موت سنائے جائے گی، وہ پوری قوم کا ذہن بنا رہی (بقیہ نمبر 26)

جدہ کراچی کی پرواز میں مسافر انتقال کر گیا، جہاز کی میڈیکل ایمرجنسی لینڈنگ

کراچی (آئی این پی) جدہ سے کراچی کی نجی ایئر لائن کی پرواز کو میڈیکل ایمرجنسی کی بنا پر ہنگامی طور پر ریاض میں اتار لیا گیا۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق پرواز پی اے 171 نے دوپہر 12:39 پر کراچی ایئرپورٹ پہنچنا تھا، پرواز صبح 6:45 پر کراچی کیلئے روانہ ہوئی، روانگی کے ایک گھنٹے بعد سعودیہ کی فضائی حدود میں طیارے میں سوار ایک مسافر کی طبیعت خراب ہوئی۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق پائلٹ نے ایئر ٹریفک کنٹرول سے رابطہ کر کے ریاض میں میڈیکل ایمرجنسی لینڈنگ کی اپیل کی

کوہاٹ میں عوامی نیشنل پارٹی کے امیدوار عصمت اللہ انتقال کر گئے

پشاور (آئی این پی) کوہاٹ میں صوبائی اسمبلی کے امیدوار عصمت اللہ خٹک انتقال کر گئے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق عصمت اللہ خٹک عوامی نیشنل پارٹی کے ٹکٹ پر امیدوار تھے، جن کی وفات حرکت قلب بند ہونے سے ہوئی۔ عصمت اللہ خان حلقہ پی کے 91 کوہاٹ 2 سے امیدوار تھے۔

کراچی، مختلف علاقوں میں بارش سے سردی بڑھ گئی

کراچی (آئی این پی) کراچی کے مختلف علاقوں میں منگل کو صبح سویرے ہلکی بارش سے سردی کی شدت میں اضافہ ہوگیا۔ شہر قائد کے علاقے آئی آئی چندریگر روڈ، صدر، لیاقت آباد سمیت دیگر علاقوں میں بارش ہوئی جس کے بعد سرد موسم میں مزید تیزی آ گئی۔

انٹربینک میں ڈالر مزید 22 پیسے سستا، قیمت 279.42 روپے ہوگئی

کراچی (آئی این پی) ڈالر کی قیمت میں مزید کمی، پاکستانی روپیہ مستحکم ہونے لگا۔ منگل کو کاروبار کے آغاز پر انٹربینک میں ڈالر 22 پیسے سستا ہوگیا، جس کے بعد ڈالر کی قیمت 279 روپے 42 پیسے ہوگئی۔

لاہور، استحکام پاکستان پارٹی کے سینئر نائب صدر ہمایوں اختر سے علاقہ عمائدین ملاقات کررہے ہیں

کراچی والوں کے پاس ترازو کے علاوہ کوئی آپشن نہیں، حافظ نعیم الرحمان

پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم انتخابی سروے میں زیرو ہیں، بلاول بھٹو پنجاب میں جا کر تقریریں کر رہے ہیں، یہ جماعتیں 35 سال سے مسلط ہیں

ان پارٹیوں نے پہلے بھی نعشوں پر سیاست کی، عوامی سطح پر یہ لوگ ناکام ہو چکے، یہ چاہتے ہیں لوگ ووٹ دینے نہ جائیں، امیر جماعت اسلامی کراچی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ کراچی والوں کے پاس ترازو کے علاوہ کوئی آپشن نہیں۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم انتخابی سروے میں زیرو ہیں، بلاول بھٹو پنجاب میں جا کر تقریریں کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ جماعتیں 35 سال سے مسلط ہیں ان کو عوام مسترد کر دیں، ان پارٹیوں نے پہلے بھی نعشوں پر سیاست کی، عوامی سطح پر یہ (بقیہ نمبر 19)

لاہور، لیسکو اہلکار کینال روڈ پر ہائی وولٹیج تاروں کیساتھ الجھنے والی درختوں کی شاخیں کاٹ رہا ہے

زہریلی دھاتیں خواتین میں کئی مسائل پیدا کرسکتی ہیں، تحقیق

زہریلی دھاتوں سے وسیع پیمانے پر نمائش کا خواتین کی صحت پر بڑا اثر پڑتا ہے، رپورٹ

مشی گن (این این آئی) ایک نئی تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ زہریلی دھاتیں (toxic heavy metals) خواتین سے رابطے میں آنے کے بعد ان میں عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ صحت سے متعلق کئی مسائل کا سبب بن سکتی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی ماہرین کی جانب سے کی گئی اس تحقیق میں زہریلی دھاتوں اور بیضہ دانی میں تخم مادہ میں کمی کے درمیان تعلق پایا گیا ہے۔ یونیور (بقیہ نمبر 27)

موٹے افراد کی موت میں تنہائی کا احساس سب سے بڑا عنصر قرار

تنہائی اور سماجی دوری کا علاج موٹے لوگوں میں صحت کے مسائل کو کم کرسکتا ہے، رپورٹ

نیو اورلینز (این این آئی) حال ہی میں ہوئے ایک مطالعے میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ سماجی دوری یا تنہائی کا احساس مٹاپے کے شکار لوگوں میں اموات کی تمام وجوہات میں بڑی وجہ ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جاما نیٹ ورک اوپن نامی جریدے میں شائع ہونے والے مطالعے میں بتایا گیا کہ تنہائی اور سماجی دوری کا علاج موٹے لوگوں میں صحت کے مسائل کو کم کرسکتا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے (بقیہ نمبر 28)

معززین علاقہ وسماجی شخصیات کا خالد محمود کھوکھر کی حمایت کا اعلان

امیدوار پی پی 169 کی عامر خان کے زیر سرپرستی کارنر میٹنگ، شیخ عبدالمتین، اظہر خان ودیگر کی خصوصی شرکت

لاہور (سیاسی رپورٹر) امیدوار برائے صوبائی اسمبلی پی پی 169 مسلم لیگ ن کی علامہ اقبال ٹاؤن بلاک میں عامر خان کی زیر سرپرستی کارنر میٹنگ۔ اہل علاقہ و مسلم لیگ ن کے کارکنوں و رہنماؤں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ آل پاکستان ٹرک ٹرالہ اونرز ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری شیخ عبدالمتین، اظہر خان، چوہدری عبداللطیف ایڈووکیٹ نے خصوصی شرکت کی۔ معززین علاقہ و سماجی شخصیات (بقیہ نمبر 29)

لاہور، میٹروپولیٹن سینما میں آگ لگ گئی، لاکھوں کا سامان جل کر راکھ

لاہور (آئی این پی) لاہور میں واقع میٹروپولیٹن سینما میں شارٹ سرکٹ کی وجہ سے آگ لگ گئی، آتشزدگی کے نتیجے میں کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا۔ تفصیلات کے مطابق آگ لگنے کا واقعہ لاہور کے علاقے ایبٹ روڈ پر واقع میٹروپولیٹن سینما میں پیش آیا جہاں شارٹ سرکٹ کی وجہ سے چھت پر آگ بھڑک اٹھی، سینما کی چھت لکڑی کی ہونے کی وجہ سے آگ پھیل گئی، آگ نے دیکھتے ہی دیکھتے پوری بلڈنگ کو لپیٹ میں لے لیا۔ آگ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو اور فائر بریگیڈ کا عملہ موقع پر پہنچ گیا

پی ایس ڈبلیو کا ای فائٹو حب کے ساتھ انضمام، زرعی تجارت کی راہیں ہموار

کراچی (این این آئی) ای فائٹو حب کے ساتھ جاری انضمام میں پاکستان سنگل ونڈو نے زرعی سامان اور اجناس کی درآمدات میں الیکٹرانک فائٹو سینٹری سرٹیفکیٹس (ای فائٹو) حاصل کرنا شروع کر دیئے ہیں۔ نومبر 2023 میں ای فائٹو حب کے ساتھ انضمام کے بعد پی ایس ڈبلیو پلیٹ فارم سے اشیاء کی برآمدات کیلئے ای فائٹوز بھیجے جا رہے ہیں اور اب تک پاکستانی برآمدی کنسائنمنٹس کے لئے 77 ممالک کو 10,000 سے زیادہ ای فائٹو سرٹیفکیٹس بھیجے جا چکے ہیں۔ انٹرنیشنل پلانٹ پروٹیکشن (بقیہ نمبر 15)

برصغیر کی معروف کلاسیکل گلوکارہ ملکہ پکھراج کی 20ویں برسی کو منائی جائے گی

لاہور (آئی این پی) برصغیر کی معروف کلاسیکل گلوکارہ ملکہ پکھراج کی 20ویں برسی 4 فروری کو منائی جائے گی اس سلسلے میں فلمی حلقوں میں خصوصی تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا وہ معروف گلوکارہ طاہرہ سیّد کی والدہ تھیں۔ ملکہ پکھراج جموں کشمیر میں پیدا ہوئیں قیام پاکستان کے بعد وہ پاکستان منتقل ہوگئیں اور لاہور کو اپنا مسکن بنایا ملکہ پکھراج کو ٹھمری، غزل، بھجن اور ڈوگری لوک گیتوں پر عبور حاصل تھا

لاہور، جے یو آئی (س) لاہور کے سرپرست اعلی مولانا مفتی خلیل الرحمٰن حقانی، مولانا قاری اعظم حسین سے انکی والدہ کی وفات پر تعزیت کررہے ہیں

چین اور پاکستان کے اقتصادی حکام قریبی تعاون کیلئے پرعزم

پاکستان چینی کاروباری اداروں کو اس امید افزا مارکیٹ میں آنے پر خوش آمدید کہتا ہے

بیجنگ (آئی این پی) بیجنگ میں پاکستانی سفارتخانے کے اکنامک منسٹر محمد اسلم چوہدری نے چینی کاروباری اداروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے پاس ایک بہت بڑی مارکیٹ اور زبردست صلاحیت موجود ہے، پاکستان چینی کاروباری اداروں کو اس امید افزا مارکیٹ میں آنے پر خوش آمدید کہتا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق بیجنگ میں پاکستانی سفارتخانے کے اکنامک منسٹر محمد اسلم چوہدری نے چائنا فیڈریشن آف انڈسٹریل اکنامکس (سی ایف آئی ای) کے ایگزیکٹو نائب صدر ژیونگ مینگ سے ملاقات کی۔ سی ایف آئی ای نے پاکستانی صنعت اور تجارتی تنظیموں کے ساتھ طویل مدتی دوستانہ تعلقات برقرار رکھے ہیں۔ ژیونگ کے مطابق پاکستان کا بیورو آف (بقیہ نمبر 1)

میرے کاغذات نامزدگی تاخیر سے منظور ہوئے، صنم جاوید

عباد فاروق کے بھائی میاں شہزاد فاروق نے اس حلقے میں کافی مہم چلا چکے ہیں، گرفتار رہنما پی ٹی آئی

لاہور (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف گرفتار رہنما صنم جاوید نے کہا ہے کہ میرے کاغذات نامزدگی تاخیر سے منظور ہوئے، عباد فاروق کے بھائی میاں شہزاد فاروق نے اس حلقے میں کافی مہم چلا چکے ہیں، شہزاد فاروق کا انتخابی نشان ٹرائی سائیکل ہے، میری گزارش ہے کہ سب ان کو ووٹ دیں۔ پاکستان تحریک انصاف گرفتار رہنما صنم جاوید نے لاہور کے حلقے این اے 119 سے کاغذات واپس لینے کی وجہ بتا دی۔ عدالت میں پیشی کے موقع پر ایک صحافی نے صنم جاوید سے سوال کیا کہ آپ نے 119 سے کاغذات واپس کیوں لیے۔ قیدی وین میں سے جواب دیتے ہوئے صنم جاوید نے کہا کہ میرے (بقیہ نمبر 1)

لاہور، پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے صدر خالد سندھو تاجر اور صنعت کاروں سے خطاب کررہے ہیں

سازش کرنیوالے کیلئے 10 سال کی سزا بہت کم ہے، عظمی بخاری

کیس لٹکانے والا نہیں تھا، فیصلہ قانون کے مطابق ہوا، رہنما ن لیگ کا ردِعمل

لاہور (آئی این پی) مسلم لیگ ن کی رہنما عظمی بخاری نے کہا کہ ہمارا موقف واضح ہے یہ ملک ہماری ریڈ لائن ہے، جو ملکی مفادات کیخلاف کھیلنے کی کوشش کرے گا، اس کے ساتھ یہی سلوک ہوگا۔ سائفر کیس میں بانی پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی کی سزا پر ردعمل میں عظمی بخاری نے کہا عمران خان نے سائفر کے نام پر جو سیاست کھیلی وہ ملکی مفادات کیخلاف تھی، جو بھی پاکستان کے مفادات کیخلاف کھڑا ہوگا، اس کے لیے یہ سزا بہت ہی کم ہے، انھیں ہر چیز کیساتھ کھیلنے کی عادت پڑ گئی تھی، انکو جذبات، لوگوں کی خیرات اور سیاسی مخالفین کی تکالیف کیساتھ کھیلنے کی عادت پڑ چکی تھی۔ منع کرنے کے باوجود عمران خان نے سائفر کو سیاسی مقاصد کیلئے استعمال کیا۔ یہ اوپن اینڈ شٹ کیس ہے۔

شادی شدہ خاتون سے شادی کے خواہش مند لڑکے کا خاتون پر قاتلانہ حملہ

شادی سے انکار پر شان نے مجھ پر فائرنگ کی، گولی میرے ہاتھ پر لگی، خاتون کا پولیس کو بیان

کراچی (آئی این پی) کراچی کے علاقے ملیر جناح ایونیو پر فائرنگ سے خاتون زخمی ہوگئیں۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کرنے والے ملزم کی شناخت شان کے نام سے ہوئی ہے جو کہ خاتون سے شادی کا خواہش مند تھا۔ زخمی خاتون نے پولیس کو بیان ریکارڈ کرا دیا جس میں انہوں نے بتایا کہ میں شادی شدہ ہوں، شان مجھ سے شادی کرنا چاہتا ہے۔ خاتون نے مزید کہا کہ شادی سے انکار پر شان (بقیہ نمبر 21)

سرگودھا، تیز رفتاری کے باعث ٹریفک حادثات، تین افراد جاں بحق

موضع حضور پور کے قریب تیز رفتار کار بے قابو ہو کر سڑک کنارے کھڑی ٹرالی سے جا ٹکرائی

سرگودھا (این این آئی) تیز رفتاری کے باعث ٹریفک حادثات میں تین افراد جاں بحق اور ایک نوجوان شدید زخمی ہو گیا جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ سرگودھا کے قصبہ بھیرہ ملکوال روڈ پر موضع حضور پور کے قریب تیز رفتار کار بے قابو ہو کر سڑک کنارے کھڑی ٹرالی سے جا ٹکرائی۔ جس کے نتیجہ میں کار میں سوار تینوں افراد جہلم کا 46 سالہ فراز احمد، 42 سالہ محمد عظیم اور راولپنڈی (بقیہ نمبر 20)

منکرین ختم نبوت قادیانیوں کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، متحدہ علما کونسل

حضور نبی کریمؐ کی عزت وناموس کا تحفظ کرنا ہر کلمہ گو مسلمان کی سب سے اہم ترین ذمہ داری ہے

لاہور (این این آئی) متحدہ علما کونسل پاکستان کے مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار خان لغاری، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک سلیم، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ منکرین ختم نبوت قادیانیوں کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، حضور نبی کریمؐ کی عزت و ناموس کا تحفظ کرنا ہر کلمہ گو (بقیہ نمبر 18)

مچھ جیل پر دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

پوری قوم سکیورٹی فورسز کیساتھ سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑی ہے، میاں عامر رزاق

لاہور (این این آئی) پیس فار لائف ویلفیئر فاؤنڈیشن کے صدر میاں عامر رزاق نے بلوچستان کے ضلع بولان میں مچھ جیل پر کالعدم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کے دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کے لیے بزدلانہ کارروائیوں کا سہارا لے رہے ہیں۔ دہشت گردی اور انتہا پسندی کے واقعات میں تیزی سے دشمن کی ناپاک عزائم واضح ہو رہے ہیں۔ ہماری مسلح افواج دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔ میاں عامر رزاق نے کہا کہ دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائیاں (بقیہ نمبر 17)

بانی پی ٹی آئی سیاسی طور پر ماضی کا حصہ بن چکے ہیں، رانا تنویر حسین

عوام پیپلز پارٹی کو پنجاب سے نکال چکے اب انہیں کچھ نہیں ملے گا، نائب صدر مسلم لیگ (ن)

الیکشن میں جیت کر سندھ میں بھی خوشحالی، عوام کی قسمت بدلنے کی نئی داستان رقم کریں گے، خطاب

مریدکے (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر و سابق وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی سیاسی طور پر ماضی کا حصہ بن چکے ہیں جبکہ عوام پیپلز پارٹی کو پنجاب سے نکال چکے اب انہیں کچھ نہیں ملے گا بلکہ الیکشن میں جیت کر سندھ میں بھی خوشحالی اور عوام کی قسمت بدلنے کی نئی داستان رقم کریں گے۔ انہوں نے گیلانی ہاؤس ماڈل سٹی مریدکے میں ممتاز مذہبی سماجی اور کاروباری شخصیت پیر سید زاہد شاہ گیلانی کی طرف سے ہزاروں ساتھیوں سمیت مسلم لیگ (ن) کے امیدوار قومی اسمبلی رانا احمد عتیق انور اور ایم پی اے کے امیدوار چوہدری ارشد ورک کی حمایت کے موجودہ الیکشن مہم کے سب (بقیہ نمبر 16)

لاہور، خانہ بدوش کوڑے کے ڈھیر سے کارآمد اشیاء تلاش کررہا ہے

مزید 413 کنکشنز بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 9 ملزمان گرفتار

تمام کنکشنز منقطع، 335213 یونٹس ڈٹیکشن بل کی مد میں چارج کئے گئے، ترجمان لیسکو

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے بجلی چوروں کے خلاف آپریشن بلاتعطل جاری ہے، 24 گھنٹوں کے دوران کل 413 کنکشنز بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، 187 کے خلاف مقدمات درج کرائے گئے جبکہ 9 کو گرفتار کرایا گیا۔ ترجمان لیسکو کے مطابق تمام کنکشنز منقطع کر کے ان کو 335213 یونٹس ڈٹیکشن بل کی مد میں چارج کئے گئے جن کی مالیت 11052739 روپے بنتی ہے۔ مریدکے کے علاقہ میں کنکشن کو 500000 روپے، ٹاؤن شپ کے علاقہ میں کنکشن (بقیہ نمبر 14)

گیس چوری کیخلاف کریک ڈاؤن، 316 کنکشنز منقطع، 56 لاکھ کے جرمانے

لاہور میں غیر قانونی استعمال پر 17 گھریلو کنکشنز جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 24 کنکشنز منقطع کیے

لاہور (نیوز رپورٹر) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبرپختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 316 گیس کنکشنز منقطع کر دیئے جبکہ 56 لاکھ کے جرمانے عائد کیے گئے۔ ترجمان کے مطابق لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 17 گھریلو کنکشنز جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 24 کنکشنز منقطع کیے گئے اور 32 لاکھ 90 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے مزید ایک ایف آئی آر بھی درج کرائی گئی۔ راولپنڈی میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 74 کنکشنز منقطع کیے گئے اور 1 لاکھ 40 ہزار کے جرمانے عائد کیے گئے۔

لاہور، ن لیگ کے صدر وحلقہ این اے 126 سے امیدوار ملک سیف الملوک کھوکھر تقریب میں شریک ہیں

ن لیگ کا دفتر جلانے کا کیس، صنم جاوید کے جوڈیشل ریمانڈ میں 13 فروری تک توسیع

لاہور (آئی این پی) لاہور کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے مسلم لیگ ن کا دفتر جلانے کے مقدمے میں پی ٹی آئی کی رہنما صنم جاوید کے جوڈیشل ریمانڈ میں 13 فروری تک توسیع کر دی۔ صنم جاوید کے خلاف تھانہ ماڈل ٹاؤن پولیس نے مقدمہ درج کر رکھا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز انویسٹی گیشن پولیس نے تھانہ شادمان میں درج مقدمے میں پاکستان تحریک انصاف کی رہنما صنم جاوید کو گرفتار کیا تھا۔ صنم جاوید کے خلاف 9 مئی جلاؤ گھیراؤ کے الزامات میں تھانہ شادمان میں مقدمہ درج ہے۔

چوہدری رحمت علی کی 73ویں برسی 3 فروری کو منائی جائے گی

اسلام آباد (آئی این پی) تحریک پاکستان کے عظیم رہنما اور لفظ پاکستان کے تجویز کنندہ چوہدری رحمت علی کی 73ویں برسی 3 فروری کو منائی جائے گی اس سلسلے میں ملک بھر میں مسلم لیگ سمیت دیگر تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین قائد اعظم محمد علی جناح کے دیرینہ رفیق چوہدری رحمت علی کی ملک و قوم کیلئے پیش کی گئی خدمات (بقیہ نمبر 5)

پنجاب میں مکئی 20 لاکھ ایکڑ رقبہ پر کاشت کی جاتی ہے، زرعی ماہرین

مکوآنہ (این این آئی) زرعی ماہرین نے کہا ہے کہ پنجاب میں مکئی 20 لاکھ ایکڑ رقبہ پر کاشت کی جاتی ہے۔ مکئی کی سال میں دو فصلیں لی جاتی ہیں پہلی بہار یہ مکئی اور دوسری موسمی مکئی کہلاتی ہے۔ تھوڑے عرصے کی فصل ہونے کی بنا پر اسے فصلوں کی ترتیب اور ادل بدل میں بآسانی شامل کیا جاسکتا ہے۔ محکمہ زراعت پنجاب کے ترجمان نے کہا کہ گندم اور چاول کے بعد مکئی سب سے اہم غذائی فصل ہے۔ مکئی انسانی خوراک کے علاوہ مویشیوں اور مرغیوں کی خوراک میں بھی استعمال ہوتی ہے۔ اس سے نشاستہ، خوردنی تیل (بقیہ نمبر 6)

سندھ، قیدیوں کی آن لائن پیشی کیلئے جیلوں میں ویڈیو لنک سسٹم کا آغاز

چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ جسٹس عقیل احمد عباسی نے جیل میں ویڈیو لنک سسٹم کا افتتاح کر دیا

کراچی (آئی این پی) سندھ میں قیدیوں کی آن لائن پیشی کے لیے جیلوں میں ویڈیو لنک سسٹم کا آغاز کر دیا گیا۔ صوبے میں عدالتی تاریخ کا اہم اقدام کر لیا گیا، جس سے قیدیوں کی پیشی کا بڑا مسئلہ حل ہوگیا۔ چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ جسٹس عقیل احمد عباسی نے جیل میں ویڈیو لنک (بقیہ نمبر 3)

کشمیریوں کو کسی طور بھی تنہا نہیں چھوڑیں گے، سنی علما کونسل

بھارتی فوج نے کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی کے تمام ریکارڈ توڑ دیئے، مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ کشمیریوں کو کسی طور بھی تنہا نہیں چھوڑیں گے، کشمیر بارے اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد نہ ہونا سلامتی کونسل کے وقار کو مجروح کر رہا ہے، بھارتی فوج نے کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی کے (بقیہ نمبر 4)

پاکستان میں آئی ٹی سیکٹر میں جدت آرہی ہے، ڈاکٹر عمر سیف

وزارت آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن، ٹیکنو اور جاز کے تعاون سے پہلی پاکستان موبائل سمٹ کا انعقاد کیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ٹیکنو اور جاز کے تعاون سے منعقد کی جانے والے اور برانڈ اسپیکٹرم پاکستان کے ڈیزائن کردہ سمٹ کا انعقاد اسلام آباد کے سرینا ہوٹل میں کیا گیا۔ ڈاکٹر عمر سیف نے بطور مہمان خصوصی اس میں شرکت کی۔ ڈائریکٹر مارکیٹنگ ٹیکنو موبائل علی رضا نے کہا ٹیکنو پاکستان موبائل سمٹ اپنی نوعیت کی پہلی کانفرنس ہے جس کا مقصد تمام فون انڈسٹریز کو ایک پینل پر لانا اور پاکستان کی آئی ٹی انڈسٹری میں مزید نوکریاں پیدا کرنا ہے۔ ڈاکٹر عمر سیف نے کہا پاکستان میں آئی ٹی سیکٹر میں جدت آرہی ہے، پاکستان میں موبائل فونز کی تیاری سے قیمتوں میں کمی آئے گی، مقامی موبائل فونز کی تیاری سے زرمبادلہ کی بچت ہوگی۔ ڈاکٹر عمر سیف نے کہا اب تک 35 کمپنیوں کو لائسنس جاری ہوچکے، جو مختلف برانڈز کے اسمارٹ فونز اسمبل کررہی ہیں، ابتداء میں مقامی طور پر کچھ پارٹس تیار کرتے ہوئے مکمل فونز کی تیاری کیلئے پالیسی بنا رہے ہیں، دو برس میں تقریباً 9 کروڑ موبائل فونز اسمبل کیے جا چکے

لاہور، رہنما ن لیگ عامر خان کی زیر پرستی کارنر میٹنگ میں شیخ عبدالمتین، اظہر خان ودیگر کا گروپ فوٹو

2023 پاکستان میں کرپشن ہوگئی، رینکنگ میں 7 درجے بہتری

کرپشن میں کمی کا اسکور 2 پوائنٹ بڑھ کر 27 سے 29 ہوگیا، مجموعی رینکنگ میں بھی پاکستان 140 سے 133 نمبر پر آگیا

پی ڈی ایم حکومت میں سی پی آئی سکور 100 میں سے 29 رہا، 2022ء میں پاکستان کا سی پی آئی سکور 27، رینکنگ 140 تھی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں گزشتہ سال کرپشن کم ہونے کی وجہ سے رینکنگ میں 7 درجے بہتری آئی ہے۔ ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل نے 180 ممالک کا کرپشن انڈیکس جاری کر دیا، جس کے مطابق پاکستان کا کرپشن میں کمی کا اسکور 2 پوائنٹ بڑھ کر 27 سے 29 ہوگیا۔ 2023ء میں پاکستان میں کرپشن کم ریکارڈ کی گئی۔ مجموعی رینکنگ میں بھی پاکستان 140 سے 133 نمبر پر آگیا۔ رپورٹ کے مطابق پی ڈی ایم حکومت میں پاکستان کا سی پی آئی (بقیہ نمبر 7)

فیصل آباد ایئرپورٹ پر دبئی جانیوالے مسافر سے آئس برآمد

مکوآنہ (این این آئی) ایئرپورٹ سکیورٹی فورس نے فیصل آباد ایئرپورٹ پر بروقت کارروائی کر کے دبئی جانیوالے مسافر سے ڈیڑھ کلوگرام آئس برآمد کر کے اسے گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ایئرپورٹ سکیورٹی فورس نے فیصل آباد ایئرپورٹ پر دبئی جانے والے مسافر محمد ندیم احمد سے دوران تلاشی ڈیڑھ کلوگرام آئس برآمد کی جو ملزم نے انتہائی مہارت کے ساتھ بیگ کی تہہ میں چھپا رکھی تھی۔ اے ایس ایف کے عملے نے سامان کے مشکوک ہونے پر دستی (بقیہ نمبر 9)

شاہد چوہدری کے زیر اہتمام شام نگر روڈ سے فٹبال گراؤنڈ تک ریلی

لاہور (پ ر) مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما شاہد چوہدری کے زیر اہتمام شام نگر روڈ سے فٹ بال گراؤنڈ گلشن راوی تک عظیم الشان ریلی نکالی گئی۔ ریلی نواز شریف کے حلقہ این اے 130، میاں مرغوب کے حلقہ پی پی 173 اور رانا مشہود کے حلقہ پی پی 172 میں نکالی۔ ریلی کی قیادت شاہد چوہدری، زاہد چوہدری، اویس ارشد، عمر فاروق، ایاز چوہدری، منظر چوہدری، ہمایوں بٹ، ملک سلیم، آصف اعوان، سنی بٹ، چوہدری اشعر جاوید اور عدنان بٹ نے کی۔ جبکہ ریلی میں سینکڑوں کارکنان نے شرکت کی جنہوں نے میاں نواز شریف، میاں شہباز شریف (بقیہ نمبر 10)

ملک کے میدانی علاقوں میں دھند کا راج برقرار، موٹرویز مختلف مقامات بند

لاہور (این این آئی) ملک کے میدانی علاقوں میں دھند کی صورتحال برقرار رہنے کے باعث منگل کے روز بھی موٹرویز کو مختلف مقامات پر ٹریفک کے لیے بند کر دیا گیا۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق دھند کی وجہ سے موٹروے ایم تھری، موٹروے ایم ٹو لاہور سے ہرن مینار تک اور ایم فور فیصل آباد سے پنڈی بھٹیاں تک بند کر دی گئیں۔ موٹروے پولیس کا کہنا ہے کہ قومی شاہراہوں پر دھند کا دورانیہ (بقیہ نمبر 13)

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر وپبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226

ہماری سیاسی جدوجہد صرف نظام اسلام کے نفاذ کیلئے ہے، جے یو آئی

جے یو آئی کو عوام ووٹ دے کر اسمبلیوں میں پہنچائیں علماء کی جماعت ملک کو بحرانوں سے نکالے گی

لاہور (این این آئی) امیدوار این اے 118، پی پی 148 امیر جمعیت علما اسلام سٹی لاہور افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں (بقیہ نمبر 8)

لاہور، بچے اپنے اہل خانہ کی کفالت کیلئے سنگھ پورہ میں مزدوری کررہے ہیں

ہر قدم پر ہمیں والدین کی قدر کرنی چاہیے، مفتی خلیل الرحمٰن حقانی

والدین کی قدر کرنیوالے دنیا وآخرت میں کامیابیاں سمیٹتے ہیں، قاری اعظم حسین سے تعزیت پر گفتگو

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام (س) لاہور کے سرپرست اعلی مولانا مفتی خلیل الرحمٰن حقانی کی اپنے صاحبزادے قاری محمد قاسم عثمانی اور جنرل سیکرٹری جمعیت لاہور مولانا محمد طیب عثمانی کے ہمراہ مولانا قاری اعظم حسین امیر جمعیت علما اسلام (س) لاہور کے گھر آمد انکی والدہ محترمہ کے انتقال پر اظہار تعزیت اور دعائے مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی، مولانا مفتی خلیل الرحمٰن حقانی نے اس موقع پر کہا کہ ہر قدم پر ہمیں والدین کی قدر کرنی چاہیے، والدین کی قدر کرنے والے ہی دنیا وآخرت میں کامیابیاں سمیٹتے ہیں، والدین کے دنیا سے چلے جانے کے بعد انسان ان کی دعاؤں سے محروم ہو جاتا ہے والدہ کی دعائیں اللہ کے ہاں زیادہ قبول ہوتی ہیں جن حضرات کے (بقیہ نمبر 11)

اعلان تقرری

ڈاکٹر محمد سرور سردار بھنگو کو

روزنامہ مسافت لاہور

DAILY MASAFAT LAHORE

کاڈسکہ میں بیورو چیف مقرر کیا گیا ہے

تمام سرکاری وغیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں